صنعت و تجارت کا حقیقی ترجمان
ہفت روزہ
E-mail: Tijaratnewshd@gmail.com
Cell: 0313-1176161
تجارت نیوز کراچی
چیف ایڈیٹر: سید وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر
جلد 26 | شمارہ: 40 | 05 تا 11 اکتوبر | صفحات: 4 | قیمت: 15 روپے

حکومت جلد قومی کمپلائنس اتھارٹی قائم کرے گی ہارون اختر

فیکٹریاں آسانی سے شناخت اور دستاویزی شکل میں آجاتی ہیں، جس کے باعث وہ ٹیکس اور ضوابط کی زیادہ پابندیوں کی زد میں ہوتی ہیں جبکہ وسیع سپلائی چین مختلف حالات میں کام کرسکتی ہے

عالمی منڈیوں میں مسابقت برقرار رکھنے کے لیے پاکستان کی ٹیکسٹائل صنعت کو کمپلائنس، پائیداری اور پیداواری معیار بہتر بنانا ہوگا، آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن کے نومنتخب ارکان سے خطاب

اسلام آباد(مانیٹرنگ ڈیسک)وزیراعظم کے مشیر برائے صنعت و پیداوار ہارون اختر خان نے کہا ہے کہ حکومت پائیداری اور کمپلائنس سے متعلق مسائل سے نمٹنے کے لیے جلد قومی کمپلائنس اتھارٹی قائم کرے گی، کیونکہ عالمی خریداروں کے لیے یہ معاملات تیزی سے اہمیت اختیار کر رہے ہیں۔ آل پاکستان ٹیکسٹائل پروسیسنگ ملز ایسوسی ایشن کے نومنتخب ارکان سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ عالمی منڈیوں میں مسابقت برقرار رکھنے کے لیے پاکستان کی ٹیکسٹائل صنعت کو کمپلائنس، پائیداری اور پیداواری معیار بہتر بنانا ہوگا۔ حکومت کو رسمی کاروباری اداروں کو درپیش ٹیکس اور دستاویزات سے متعلق مسائل بھی حل کرنا ہوں گے۔ ہارون اختر نے کہا کہ فیکٹریاں آسانی سے شناخت اور دستاویزی شکل میں آجاتی ہیں، جس کے باعث وہ ٹیکس اور ضوابط کی زیادہ پابندیوں کی زد میں ہوتی ہیں، جبکہ وسیع (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 01)

بندرگاہی کاروبار کیلئے ون ڈور سہولت مرکز قائم کرنے کا فیصلہ

مقصد بندرگاہ سے متعلق کاروباری اداروں کے لیے سرکاری خدمات تک رسائی آسان بنانا ہے

وزیراعظم کے وژن کے مطابق تمام خدمات ایک ہی چھت تلے دستیاب ہونی چاہئیں، جنید انور

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر بحری امور جنید انور چوہدری نے کراچی میں ون ونڈو سہولت مرکز کے قیام پر کام تیز کرنے کی ہدایت کی تاکہ بندرگاہ سے متعلق کاروباری خدمات ایک ہی چھت تلے فراہم کی جاسکیں۔ وفاقی وزیر نے یہ ہدایت وزارتِ بحری امور کے جاری منصوبوں اور اقدامات کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ ہفتہ وار جائزہ اجلاس کے دوران دی۔ اجلاس میں بحری تجارت کو سہولت فراہم کرنے، ماہی گیری کے شعبے کو مضبوط بنانے اور ملک کی بلیو اکانومی کو ترقی دینے کے لیے مختلف منصوبوں اور پالیسی اقدامات پر پیش رفت کا جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر نے کاروباری سہولت کے لیے مجوزہ ون ڈوریسل پر کام تیز کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اس اقدام کا مقصد بندرگاہ سے متعلق کاروباری (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 03)

ایوانِ صدر میں صدر آصف علی زرداری سے وزیراعظم شہباز شریف ملاقات کر رہے ہیں

گڈز ٹرانسپورٹرز کا 10 اکتوبر سے ملک گیر ہڑتال کا اعلان

احتجاج و دھرنوں کے دوران پکڑے گئے کنٹینرز اور گاڑیوں کو فوری طور پر چھوڑنے کا مطالبہ

متاثرہ مالکان کو 20 ہزار سے 35 ہزار روپے تک معاوضہ بھی ادا کیا جائے، ٹرانسپورٹرز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) آل پاکستان گڈز ٹرانسپورٹرز ایسوسی ایشن نے حکومت کو اپنے چارٹر آف ڈیمانڈز منظور کرنے کے لیے الٹی میٹم دیتے ہوئے 10 اکتوبر 2026 سے ملک گیر ٹرانسپورٹ ہڑتال کا اعلان کردیا ہے۔ یہ اعلان ایسوسی ایشن کے صدر نبیل محمود طارق کی زیرِ صدارت ہونے والے اجلاس کے بعد کیا گیا۔ اجلاس کے بعد جاری بیان میں ٹرانسپورٹرز نے احتجاج اور دھرنوں کے دوران مبینہ طور پر حراست میں لیے گئے کنٹینرز اور گاڑیوں کو فوری طور پر رہا کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے متاثرہ مالکان کو 20 ہزار سے 35 ہزار روپے تک معاوضہ دینے کا بھی مطالبہ کیا، ٹرانسپورٹرز نے حکام سے مطالبہ کیا کہ سیلز ٹیکس انوائسز کی بنیاد پر سڑکوں پر روکی جانے والی گاڑیوں پر غیر ضروری جرمانے اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 02)

قابلِ ٹیکس اشیا مینوفیکچررز کیلئے پیداواری نگرانی کا نظام نافذ کرنا لازم قرار

کوئی بھی مینوفیکچرر، سیلز ٹیکس رولز کے رول 150 زیڈ کیو آر کے تحت متعین کوئی رجسٹرڈ شخص یا رجسٹرڈ افراد کا طبقہ، پیداواری نگرانی کا نظام، پیداواری نگرانی کے آلات یا نگرانی کا کوئی دوسرا مقررہ طریقہ کار صرف بورڈ سے منظور شدہ مجاز وینڈر سے ہی حاصل اور نصب کرا سکے گا

قانون کا اطلاق سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے تیسرے شیڈول میں شامل اشیا یا بورڈ کی جانب سے سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے متعین کردہ دیگر قابلِ ٹیکس اشیا یا ان کی کسی قسم کی پیداوار، فروخت، کلیئرنس، ذخیرے اور دیگر متعلقہ سرگرمیوں کی الیکٹرانک نگرانی، سراغ رسانی اور شناخت پر ہوگا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے مخصوص قابلِ ٹیکس اشیا کے مینوفیکچررز کے لیے پیداوار کی نگرانی کا نظام اور نگرانی کے آلات صرف بورڈ سے منظور شدہ مجاز وینڈر سے خریدنا اور نصب کرانا لازمی قرار دے دیا ہے۔ ایف بی آر کی جانب سے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے مطابق، مخصوص قابلِ ٹیکس اشیا کا کوئی بھی مینوفیکچرر، یا سیلز ٹیکس رولز کے رول 150 زیڈ کیو آر کے تحت متعین کوئی رجسٹرڈ شخص یا رجسٹرڈ افراد کا طبقہ، پیداواری نگرانی کا نظام، پیداواری نگرانی کے آلات یا نگرانی کا کوئی دوسرا مقررہ طریقہ کار صرف بورڈ سے منظور شدہ مجاز وینڈر سے ہی حاصل اور نصب کرا سکے گا۔ مجاز وینڈر اس بات کو یقینی بنائے گا کہ اس کی جانب سے نصب کردہ پیداواری نگران انظام اور نگرانی کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 04)

TIJARAT NEWS
بہتر اپنا کل
SUBSCRIBE NOW
ہر پل کی تجارتی خبریں، صرف تجارت نیوز پر
یوٹیوب پر جا کر Tijarat News کو سبسکرائب کریں اور اپنی قیمتی آراء سے ہمیں آگاہ کریں
اپنی تجارتی خبروں کو نشر کروانے اور پروگراموں کی میڈیا کوریج کیلئے ہمارے آفیشل ای میل ایڈریس اور واٹس ایپ نمبر پر رابطہ کریں
YouTube
info@tijaratnews.tv 0313-1176161
TikTok

وزیرِ خزانہ سے ورلڈ بینک کے وفد کی ملاقات، معاشی اصلاحات کا جائزہ

ترقی، روزگار، مالیاتی انتظام، ریونیو سمیت مختلف شعبوں میں اصلاحات پر تبادلہ خیال

عملی اقدامات سے معاشی سرگرمی اور کاروباری ماحول میں بہتری لائی جائے، محمد اورنگزیب

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیرِ خزانہ سینیٹر محمد اورنگزیب سے ورلڈ بینک کے وفد نے ملاقات کی، جس میں جاری معاشی اصلاحاتی شراکت داری کے تحت پیش رفت اور عملدرآمد کی ترجیحات کا جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں ترقی، روزگار، مالیاتی انتظام، ریونیو موبلائزیشن، تجارت و سرمایہ کاری اور کیپیٹل مارکیٹس سمیت مختلف شعبوں میں اصلاحات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا گیا۔ محمد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 07)

خیبر پختونخوا کے جنوبی اضلاع میں 4 ارب 29 کروڑ روپے کی گیس چوری

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر پختونخوا حکومت کے عدم تعاون کے باعث صوبے کے جنوبی اضلاع میں مالی سال 26-2025 کے دوران 4 ارب 29 کروڑ 40 لاکھ روپے مالیت کی گیس چوری ہوئی۔ خیبر پختونخوا میں گیس نقصانات کی شرح گزشتہ مالی سال 25-2024 کے مقابلے میں تقریباً 3.5 فیصد بڑھ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 06)

دوہری شہریت ظاہر نہ کرنے والے سول سرونٹس کو ایک ہفتے کی مہلت

سرکاری ملازمین کے لیے اپنی اور زیرِ کفالت افراد کی شہریت کی معلومات ظاہر کرنا لازمی قرار دیا گیا

اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے 17 جولائی کو بھی اس حوالے سے متعلقہ محکموں کو یاددہانی کرائی تھی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے اپنی یا زیرِ کفالت افراد کی غیر ملکی یا دوہری شہریت ظاہر نہ کرنے والے سرکاری افسران کو ایک ہفتے کے اندر مطلوبہ ڈیکلریشن جمع کرانے کی ہدایت کردی، بصورت دیگر ان کے خلاف محکمانہ کارروائی کی جائے گی۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے تمام وزارتوں اور ڈویژنز، صوبائی چیف سیکریٹریز اور پولیس سربراہان کو جاری آفس میمورنڈم میں کہا ہے کہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 05)

سندھ شہری جائیداد ٹیکس کا دائرہ 5 گنا وسیع کرنے کا فیصلہ

20 مقامی کونسلوں میں یہ تعداد 3 لاکھ 97 ہزار 375 سے بڑھا کر 21 لاکھ 49 ہزار 80 کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے

عالمی بینک 11 کروڑ ڈالر پروگرام فار رزلٹس اور 4 کروڑ ڈالر انویسٹمنٹ پروجیکٹ فنانسنگ کے تحت فراہم کرے گا

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) سندھ حکومت عالمی بینک کے تعاون سے 15 کروڑ ڈالر کے پروگرام کے تحت شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس کی وصولی بہتر بنانے اور بلدیاتی مالیاتی نظام مضبوط کرنے کے لیے ریکارڈ شدہ شہری جائیدادوں کا دائرہ پانچ گنا سے زائد بڑھانے کا منصوبہ بنا رہی ہے۔ اطلاعات کے مطابق مجوزہ سندھ پراپرٹی ریونیو انہانسمنٹ پروگرام کے تحت 20 مقامی کونسلوں میں ریکارڈ شدہ جائیدادوں کی تعداد تقریباً 3 لاکھ 97 ہزار 375 سے بڑھا کر 21 لاکھ 49 ہزار 80 کرنے کی منصوبہ بندی کی گئی ہے۔ پروگرام کے لیے عالمی بینک سے 11 کروڑ ڈالر پروگرام فار رزلٹس اور 4 کروڑ ڈالر انویسٹمنٹ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 08)

مالیاتی اعداد میں 853 ارب روپے کے فرق پر آئی ایم ایف کے تحفظات

دورہ پاکستان پر آئے ہوئے مشن نے بجٹ حسابات میں بڑے فرق اور محصولات کے اہداف سے متعلق اجلاس منعقد کیے

گزشتہ مالی سال کے دوران پنجاب اور سندھ کی مجموعی زرعی انکم ٹیکس وصولیاں صرف 5 ارب روپے سے کچھ زیادہ رہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ کو وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے مالی حسابات میں 853 ارب روپے کے شماریاتی فرق سے متعلق مزید تفصیلات فراہم کرنے کی یقین دہانی کرادی ہے تاکہ عالمی مالیاتی ادارے کے تحفظات دور کیے جاسکیں۔ دوسری جانب زرعی انکم ٹیکس کی وصولیوں میں بھی خاطر خواہ اضافہ نہیں ہوسکا اور گزشتہ مالی سال کے دوران پنجاب اور سندھ کی مجموعی وصولیاں محض 5 ارب روپے سے کچھ زیادہ رہیں۔ ذرائع سے ملنے والی اطلاعات کے مطابق آئی ایم ایف کے دورہ پاکستان پر آئے ہوئے مشن نے وفاقی اور صوبائی حکومتوں کے بجٹ حسابات میں بڑے پیمانے پر شماریاتی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 12)

دوا فروخت کرنے کیلئے ڈاکٹر بھی لائسنس کا پابند ہے، وفاقی آئینی عدالت

پشاور ہائیکورٹ کے ڈی آئی خان بینچ کا 5 جون 2023 کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے فیصلہ جاری

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی آئینی عدالت نے قرار دیا ہے کہ رجسٹرڈ ڈاکٹر اپنے مریض کو دوا تجویز کرنے کے ساتھ اسے فراہم بھی کرسکتا ہے، تاہم وہ ڈرگز ایکٹ 1976 کے تحت مطلوبہ لائسنس کے بغیر میڈیکل سٹور یا ریٹیل ڈرگ آؤٹ لیٹ نہیں چلا سکتا، وفاقی آئینی عدالت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 09)

نجی میڈیکل کالج کو پراپرٹی ٹیکس سے استثنیٰ نہ مل سکا، جرمانہ عائد

لاہور ہائیکورٹ کے دو رکنی بینچ نے 15 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) لاہور ہائیکورٹ نے نجی میڈیکل کالج اور ہسپتال کو پراپرٹی ٹیکس سے استثنیٰ دینے کی دونوں درخواستیں مسترد کرتے ہوئے ٹیکس کی ادائیگی میں تاخیری حربے استعمال کرنے پر 10 لاکھ روپے جرمانہ عائد کردیا۔ لاہور ہائیکورٹ کے جسٹس حسن نواز مخدوم اور جسٹس (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 10)

سسٹم ری سیٹ ہونے والا ہے، چیزیں بہت بہتر ہوجائیں گی، محسن نقوی

لاہور چیمبرز کے مسائل حل کرنے کیلئے تیار ہوں، چند ماہ سے بزنس پاسپورٹ پر کام جاری ہے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے کہا ہے کہ ملک کا سسٹم ری سیٹ ہونے والا ہے، جب سسٹم ری سیٹ ہوگا تو چیزیں بہت بہتر ہوجائیں گی۔ وزیرِ داخلہ محسن نقوی نے لاہور چیمبر آف کامرس میں تقریب سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ جب تک آپ لوگ ساتھ نہیں دیں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 11)

کراچی کیلئے اضافی پانی کی فراہمی جلد شروع ہوجائے گی، مراد علی شاہ

شہر کی صنعتوں کے لیے 35 ملین گیلن یومیہ پانی کی فراہمی کا منصوبہ بھی بنایا گیا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیرِ اعلیٰ سندھ مراد علی شاہ نے کہا ہے کہ شہر قائد کے لیے اضافی پانی کی فراہمی جلد شروع ہوجائے گی۔ شہر قائد میں سیوریج ٹریٹمنٹ پلانٹ کے آغاز کی تقریب سے خطاب کرتے ہوئے مراد علی شاہ کا کہنا تھا کہ کراچی کے لیے اضافی پانی کی فراہمی کا سلسلہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 13)

وزیراعظم شہباز شریف سرمایہ کاری سے متعلق اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

آئی ایم ایف نے پیٹرول پر حکومتی سبسڈی اسکیم کی مخالفت کردی

دونوں کے درمیان پیٹرول کی قیمت اور گیس کمپنیوں کے 1.4 ٹریلین روپے کے قابل وصول واجبات پر ڈیڈلاک برقرار

سبسڈی یا کراس سبسڈی کے بجائے بینظیر انکم سپورٹ کی طرح مستحق لوگوں کو ٹارگٹڈ سبسڈی دینے کی تجویز دی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی مالیاتی ادارہ (آئی ایم ایف) نے پاکستان کو ایندھن پر سبسڈی یا کراس سبسڈی دینے کی مخالفت کرتے ہوئے حکومت پر واضح کردیا ہے کہ ریلیف اسکیم میں تین ماہ سے زیادہ توسیع ممکن نہیں ہے۔ ذرائع کے مطابق پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان جاری مذاکرات کے دوران ایکسچینج ریٹ، شرح سود سمیت دیگر متعدد نکات پر اختلاف برقرار ہے جہاں آئی ایم ایف (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 14)

راولپنڈی: فیلڈ مارشل عاصم منیر 277 ویں کور کمانڈرز کانفرنس سے خطاب کر رہے ہیں

ملائیشیا کو پاکستانی چاول کی برآمدات میں 70 ہزار میٹرک ٹن اضافہ

یہ اضافہ کسانوں کی خوشحالی اور ملکی معیشت کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے

پاکستانی زرعی اجناس کی عالمی منڈیوں تک رسائی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملائیشیا کے لیے پاکستانی چاول کی برآمدات میں مزید 70 ہزار میٹرک ٹن کا اضافہ ہوگیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت اور متعلقہ وزارتوں اور حکام کی کاوشوں سے اکتوبر تا دسمبر 2026 ملائیشیا کے لیے پاکستانی چاول کی برآمدات میں مزید 70 ہزار میٹرک ٹن کا اضافہ ہوا ہے۔ اقتصادی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 19)

ایس بی پی، ریگولیٹری سینڈ باکس کے دوسرے مرحلے کا آغاز کردیا گیا

اقدام کا مقصد ڈیجیٹل صارفین کا تحفظ اور مالیاتی استحکام یقینی بنانا ہے، اسٹیٹ بینک

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) اسٹیٹ بینک آف پاکستان (ایس بی پی) نے ریگولیٹری سینڈ باکس کے دوسرے مرحلے کا آغاز کردیا، اسٹیٹ بینک کے مطابق ریگولیٹری سینڈ باکس کے ذریعے جدید مالیاتی حل پیش کرنے والے افراد اور اداروں کو اپنی مصنوعات اور ٹیکنالوجی کو محدود دائرہ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 20)

اسپیکر قومی اسمبلی سردار ایاز صادق حکومت اور اپوزیشن کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سرکاری اداروں کی رپورٹنگ آئی ایس آر ایف سے ہم آہنگ کردی گئی

اسٹیٹ بینک کے زیرِ نگرانی اداروں کے لیے اس فریم ورک کو برقرار رکھا گیا ہے، وزارتِ خزانہ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) حکومت نے سرکاری ملکیتی اداروں (ایس ای اوز) کی ملکیت اور انتظام سے متعلق 2023 کی پالیسی میں ترمیم کی ہے تاکہ سرکاری ملکیتی اداروں کی مالیاتی رپورٹنگ کو بین الاقوامی مالیاتی رپورٹنگ معیارات کے مطابق لایا جاسکے جبکہ اسٹیٹ بینک کے زیرِ نگرانی اداروں کے لیے اس کے قانونی رپورٹنگ فریم ورک کو برقرار رکھا گیا (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 15)

بھارتی ناظم الامور دفتر خارجہ طلب، 2 پاکستانی شہریوں کے قتل پر احتجاج

بی ایس ایف اہلکاروں نے نہتے شہریوں کے خلاف بلا اشتعال طاقت کا استعمال کیا، ترجمان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) دفتر خارجہ نے بھارتی ناظم الامور کو طلب کرکے پاکستانی شہریوں کے قتل پر شدید احتجاج ریکارڈ کرادیا۔ ترجمان دفتر خارجہ کے مطابق بھارتی بارڈر سیکیورٹی فورس (بی ایس ایف) کے اہلکاروں نے 2 اکتوبر کو انٹرنیشنل بارڈر پر قصور کے بیدیاں سیکٹر میں 2 پاکستانی شہریوں کو قتل کیا۔ ترجمان نے کہا کہ بی ایس ایف اہلکاروں نے نہتے شہریوں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 16)

خیبر ٹیچنگ اسپتال، روبوٹک سرجری کے میدان میں اہم سنگ میل عبور

تاریخی پیش رفت ادارے میں تحقیق اور مریضوں کی نگہداشت کے ایک نئے باب کا آغاز ہے، ڈین

پشاور (مانیٹرنگ ڈیسک) خیبر ٹیچنگ اسپتال پشاور کے شعبہ آرتھوپیڈک نے ملک میں سرکاری اسپتال کی سطح پر پہلی مرتبہ روبوٹک گھٹنے کی تبدیلی کی کامیاب سرجری انجام دے کر ایک تاریخی سنگِ میل عبور کرلیا۔ خیبر ٹیچنگ اسپتال پشاور میں یہ منفرد اور جدید سرجری چیئرمین شعبہ آرتھوپیڈک پروفیسر ڈاکٹر محمد سراج کی سربراہی میں معروف آرتھوپیڈک سرجن پروفیسر ڈاکٹر اول (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 17)

مہنگائی میں ہفتہ وار 0.21، سالانہ بنیاد پر 11.53 فیصد اضافہ

گزشتہ ہفتے 20 اشیائے ضروریہ مہنگی، 10 سستی، 21 کی قیمتیں مستحکم رہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) مہنگائی میں اضافے کا رجحان جاری ہے، گزشتہ ہفتے اضافے کی رفتار 0.21 فیصد بڑھ گئی، سالانہ بنیادوں پر رفتار 11.53 فیصد ہوگئی۔ گزشتہ ہفتے 20 اشیائے ضروریہ مہنگی، 10 سستی، 21 کی قیمتیں مستحکم رہیں۔ ادارہ شماریات کے اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ہفتے چکن 7.25 فیصد، دال چنا 1.30 فیصد، پیاز 0.39 فیصد، لہسن 1.85 فیصد، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 18)

حکومت برآمد دوست پالیسیاں متعارف کروائے، ہوزری مینوفیکچررز

دس برس میں ٹیکسٹائل برآمدات 12.447 ارب ڈالر سے بڑھ کر 17.933 ارب ڈالر ہوگئیں

44 فیصد اضافے کے باوجود بلند پیداواری لاگت مسابقتی صلاحیت کو متاثر کر رہی ہے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن (پی ایچ ایم اے) نے کہا ہے کہ گزشتہ ایک دہائی کے دوران ملبوسات اور ٹیکسٹائل کی برآمدات میں 44 فیصد اضافے کے باوجود بلند پیداواری لاگت، کاروباری امور میں مشکلات، پالیسی سے متعلق رکاوٹیں اور غیر مساوی مسابقتی ماحول (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 21)

آئی ای اے، اسٹریٹجک ذخائر سے 32 کروڑ 50 لاکھ بیرل تیل جاری

یہ پیش رفت جی سیون ممالک کی جانب سے 10 کروڑ بیرل ڈیزل جاری کرنے پر اتفاق کے بعد ہوئی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) بین الاقوامی توانائی ایجنسی (آئی ای اے) نے بتایا ہے کہ رکن ممالک نے اب تک اسٹریٹجک ذخائر سے 32 کروڑ 50 لاکھ بیرل تیل اور تیل سے حاصل ہونے والی مصنوعات جاری کردی ہیں، جبکہ مارچ میں 40 کروڑ بیرل جاری کرنے کا وعدہ کیا گیا تھا۔ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 22)

اسلام آباد: ریڈ زون کی جانب جانے والی سڑک پر کنٹینرز لگے ہوئے ہیں جبکہ وارڈن ٹریفک کنٹرول کر رہا ہے

صنعت وتجارت کا حقیقی ترجمان

ہفت روزہ

تجارت نیوز کراچی

چیف ایڈیٹر: سیّد وحید شاہ
ایڈیٹر: محمد صغیر

جلد نمبر 26 (شمارہ نمبر 40) 05 تا 11 اکتوبر 2026ء فون- 0313-1176161 Email:Tijaratnewshd@gmail.com

روبوٹک آٹومیشن

چند سال پہلے تک جو کام صرف ہاتھوں سے یا انسانوں کے ذریعے ممکن تھے، آج وہی کام مشینیں نہ صرف بہتر بلکہ زیادہ تیز کررہی ہیں۔ ہم اکثر دیکھتے ہیں کہ دفتر کے ملازمین دن رات کمپیوٹر کے سامنے بیٹھ کر ایک جیسے کام دہراتے رہتے ہیں۔ کوئی ایکسل شیٹ میں نمبرز ڈال رہا ہے، کوئی ای میلز کو کھول کر معلومات آگے بھیج رہا ہے اور کوئی ہر دن کی رپورٹ بنا کر اپنے باس کے پاس پہنچا رہا ہے۔ دنیا بڑی تیزی سے بدل رہی ہے۔ یہ سب کام اہم ضرور ہیں مگر ایک حد کے بعد یہ انسان کیلیے بوریت اور تھکن کا باعث بن جاتے ہیں۔ ایسے میں ایک نئی قسم کی مددگار ٹیکنالوجی سامنے آئی ہے جسے روبوٹک پروسیس آٹومیشن یا مختصراً RPA کہا جاتا ہے۔ یہ سننے میں تھوڑا مشکل لگ سکتا ہے مگر اصل میں یہ بہت سادہ چیز ہے۔ آپ یوں سمجھ لیجیے جیسے دفتر میں ایک ایسا ڈیجیٹل ملازم بیٹھا ہو جو دن رات بغیر تھکے، بغیر آرام کیے اور بغیر کسی شکایت کے وہی کام دہراتا رہے جو آپ روز کرتے ہیں۔ فرق صرف اتنا ہے کہ وہ یہ سب انسان سے کئی گنا تیزی اور صفائی سے کرتا ہے۔ ایک وقت تھا جب لوگ گھوڑا گاڑی میں سفر کرتے تھے، پھر موٹر کار آئی اور سفر تیز ہوگیا۔ بالکل ویسے ہی اب RPA کام کرنے کے پرانے طریقے بدل رہا ہے اور ہمیں نئی رفتار اور سہولت دے رہا ہے۔ ذرا سوچیے آپ نے دفتر میں صبح سے شام تک جو وقت گزارا، اس میں آدھا وقت صرف ایسے کاموں میں لگ گیا جو آپ کو پہلے بھی کرنے پڑے تھے اور کل بھی کرنے ہیں۔ جیسے کسٹمر کے ڈیٹا کو سسٹم میں ڈالنا، لین دین کی فائلوں کو اپڈیٹ کرنا، یا کسی کلائنٹ کو ای میل بھیجنا۔ یہ سب کام وہی ہیں جو ایک کمپیوٹر کو ہدایت دے کر خودکار انداز میں کروائے جاسکتے ہیں۔ یہی اصل میں RPA ہے: کمپیوٹر کیلیے ہدایات کا ایک مجموعہ جو اسے انسان جیسا رویہ سکھا دیتا ہے۔ اگرچہ روبوٹک پروسیس آٹومیشن زیادہ تر دفاتر اور اداروں میں استعمال ہوتا ہے، لیکن اس کے اثرات ہماری ذاتی زندگی میں بھی بالواسطہ طور پر موجود ہیں۔ مثال کے طور پر، جب آپ اپنے بینک کے موبائل ایپ سے بل ادا کرتے ہیں تو پسِ پردہ RPA بوٹس مختلف سسٹمز میں لاگ اِن ہوکر آپ کی ادائیگی کی تصدیق کرتے ہیں، رسید تیار کرتے ہیں اور ریکارڈ اپڈیٹ کرتے ہیں۔ اسی طرح جب آپ کسی ای-کامرس ویب سائٹ سے خریداری کرتے ہیں تو RPA ہی ہے جو اسٹاک چیک کرتا ہے، بلنگ انٹری مکمل کرتا ہے اور ڈیلیوری سروس کو ہدایت بھیجتا ہے۔ حتیٰ کہ اسپتالوں میں اپائنٹمنٹ بکنگ یا انشورنس کی ویریفکیشن جیسے مراحل بھی RPA کے ذریعے تیز اور خودکار ہو چکے ہیں۔ یوں یہ ٹیکنالوجی ہماری روزمرہ زندگی میں کئی کاموں کو خاموشی سے آسان بنارہی ہے، چاہے ہمیں اس کا براہِ راست احساس نہ ہو۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ یہ ٹیکنالوجی کسی بڑے ادارے تک محدود نہیں۔ بینک اپنے صارفین کی درخواستیں خودکار طریقے سے چلارہے ہیں، اسپتال مریضوں کے ریکارڈ کمپیوٹر میں ڈالنے کے لیے RPA استعمال کررہے ہیں، آن لائن اسٹورز ہر خریداری کے بعد خود بخود ای میل اور انوائس بھیج دیتے ہیں۔ یہاں تک کہ چھوٹے کاروبار بھی اس کا فائدہ اٹھا سکتے ہیں، جیسے روزانہ کی رپورٹ بنوانا یا اسٹاک کا حساب کتاب رکھوانا۔ بعض لوگ یہ سوچ کر پریشان ہوتے ہیں کہ اگر روبوٹ یہ سب کرنے لگیں تو انسانوں کے پاس کرنے کو کیا بچے گا؟ لیکن حقیقت یہ ہے کہ RPA صرف وہی کام سنبھالتا ہے جو دہرائے جانے والے اور تھکا دینے والے ہوتے ہیں۔ انسانوں کو زیادہ وقت اور ذہنی توانائی ملتی ہے کہ وہ تخلیقی اور مشکل فیصلوں پر توجہ دے سکیں۔ یہ بالکل ایسے ہے جیسے واشنگ مشین نے کپڑے دھونے کے عمل کو خودکار کردیا۔ کیا اس سے انسان کے کرنے کو کچھ کم ہوا؟ نہیں، بلکہ لوگوں نے وہ وقت دوسرے اہم کاموں میں استعمال کرنا شروع کردیا۔ دنیا آگے بڑھ رہی ہے اور RPA جیسے ٹولز اس سفر کو تیز کررہے ہیں۔ آنے والے وقت میں یہ صرف دہرائے جانے والے کام نہیں کریں گے بلکہ مصنوعی ذہانت (AI) کے ساتھ مل کر خود سیکھیں گے اور حالات کے مطابق فیصلے بھی کریں گے۔ جس طرح انٹرنیٹ کے بغیر زندگی کا تصور مشکل ہے، ویسے ہی کچھ سال بعد ادارے RPA کے بغیر شاید اپنے کام مؤثر طریقے سے نہ چلاسکیں۔ ہم سب کے لیے اس کہانی میں ایک سبق چھپا ہے۔ اگر آپ دفتر میں کام کرتے ہیں تو یہ جان لینا ضروری ہے کہ بہت جلد ایسے ڈیجیٹل مددگار آپ کے ساتھ موجود ہوں گے جو آپ کا بوجھ ہلکا کریں گے۔ اگر آپ کاروباری ہیں تو یہ آپ کے اخراجات کم اور منافع زیادہ کرسکتے ہیں۔ اور اگر آپ طالب علم ہیں تو یہ سمجھنا اہم ہے کہ مستقبل میں RPA کی مہارت رکھنے والے افراد کی بڑی مانگ ہوگی۔ یوں کہیے کہ روبوٹک پروسیس آٹومیشن ہماری زندگی میں ایک خاموش شراکت دار ہے۔ یہ پس منظر میں رہ کر ہمارے لیے وہ سب کام کرتا ہے جو ہمیں تھکا دینے والے لگتے ہیں، تاکہ ہم زیادہ اہم اور بڑے کاموں پر توجہ دے سکیں۔ آنے والا دور انہی کا ہے جو اس تبدیلی کو سمجھ کر اپنا راستہ بنائیں گے۔

امریکا: صرف 30 ڈالر میں خریدی گئی پینٹنگ 13 لاکھ ڈالر میں نیلام

شکاگو (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکا میں ایک اسٹیٹ سیل سے صرف 30 ڈالر میں خریدی گئی پینٹنگ 1.35 ملین ڈالر میں نیلام ہوگئی۔ غیر ملکی میڈیا کے مطابق شکاگو کی معروف مصورہ گرٹروڈ ایبر کرومبی کی 1951 میں بنائی گئی پینٹنگ 'ایلڈ رمین مرینز شیلز' کئی دہائیوں سے نظروں سے اوجھل تھی۔ یہ پینٹنگ رواں سال جولائی میں امریکی ریاست مشی گن کے شہر کالامازو میں ایک اسٹیٹ سیل کے دوران خزانے تلاش کرنے کے شوقین شخص نے محض 30 ڈالر میں خریدی تھی۔ بعدازاں جب ماہرین نے اس کا جائزہ لیا تو معلوم ہوا کہ یہ گرٹروڈ ایبر کرومبی کا طویل عرصے سے گمشدہ فن پارہ ہے۔ پینٹنگ کو نیلامی کیلیے پیش کیا گیا تو

اس کی قیمت ڈیڑھ لاکھ سے ڈھائی لاکھ ڈالر کے درمیان رہنے کی توقع کی جارہی تھی، تاہم بولی توقعات سے کہیں آگے نکل گئی اور بالآخر یہ 1.35 ملین ڈالر میں فروخت ہوئی۔ یہ قیمت گرٹروڈ ایبر کرومبی کی کسی بھی پینٹنگ کیلیے اب تک ادا کی جانے والی سب سے زیادہ رقم بن گئی۔ ماہرین کے مطابق مصورہ نے یہ پینٹنگ 1952 میں مشی گن کے ایک ڈاکٹر جان رینالڈز کو طبی علاج کے بدلے تحفے میں دی تھی۔ تقریباً 75 سال تک یہ فن پارہ ان کے خاندان کے پاس رہا، جس کے بعد اسے اسٹیٹ سیل میں فروخت کردیا گیا۔

بدھ مت کے سب سے بڑے فرقے نے "گابی" روبوٹ کو اپنے راہبوں کی صف میں شامل کرلیا

جنوبی کوریا (مانیٹرنگ ڈیسک) اے آئی روحانیت وتصوّف کی پراسرار دنیا میں بھی داخل ہوگئی۔ جنوبی کوریا میں بدھ مت کے سب سے بڑے فرقے، جوگئی (Jogye) نے باقاعدہ ایک تقریب منعقد کرکے

"گابی" نامی روبوٹ کو اپنے راہبوں کی صف میں شامل کرلیا۔ روبوٹکس دیکھیں اس انوکھے عمل کا مقصد دنیا والوں پر یہ آشکار کرنا ہے کہ اے آئی ٹکنالوجی اور رحم دلی، محبت، ہمدردی اور ذمے داری کے اعلیٰ انسانی جذبوں کا ملاپ ممکن ہے اور یہ بھی کہ انسان اور مشین مل جل کر انسانیت کی فلاح وبہبود کے کام کرسکتے ہیں۔ راہبوں کے ساتھ مل کر "گابی" بھی ہم وطنوں اور دیگر لوگوں کو بدھ مت کی تعلیمات اور نظریات سے آگاہ کرے گا۔

گوگل میسجز نے صارفین کے لیے
نئی اپ ڈیٹ متعارف کرادی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) گوگل میسجز نے یکم اکتوبر 2026 کو ایک نیا لانگ- پریس مینو متعارف کرادیا ہے، جس کا مقصد صارفین کو ایپ استعمال مزید سہولت فراہم کرنا ہے۔ اس نئی اپڈیٹ میں زیادہ استعمال ہونے والے آپشنز سامنے رکھے گئے ہیں۔ یہ مینو لائٹ اور ڈارک، دونوں موڈز میں بہتر کام کرتا ہے اور لینڈ اسکیپ اسکرین پر بھی استعمال کرنا آسان بنا دیا گیا ہے۔ اس اپڈیٹ کی سب سے خاص بات یہ ہے کہ اب آپ کسی پورے میسج کو کاپی کرنے کے بجائے صرف میسج کے کسی ایک حصے کو سلیکٹ کرکے کاپی کرسکتے ہیں۔ میسج کو لانگ پریس کرنے پر ری ایکٹس (تصاویر کے لیے)، ریپلائی، فارورڈ، کاپی، اسٹار، ڈیلیٹ، سلیکٹ مور، انفو اور تصاویر کے لیے سیو جیسے آپشنز نظر آئیں گے۔ جب آپ میسج کے کسی حصے کو سلیکٹ کریں گے تو ایک اور مینو آئے گا جس میں کاپی، ٹرانسلیٹ، اور سلیکٹ آل کے آپشنز ہوں گے۔ اس کے علاوہ، جب آپ تازہ ترین میسج کو سلیکٹ کریں گے تو ایک خوبصورت اینیمیشن اور ہلکی سی وائبریشن ہوگی، اور وہ میسج اسکرین کے درمیان میں آجائے گا تاکہ آپ کو واضح طور پر پتا چل سکے کہ کون سا میسج سلیکٹ ہوا ہے۔

ایپل نے اہم سروس
پاکستان میں شروع کردی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) ٹیکنالوجی کمپنی ایپل نے اپنی میوزک اسٹریمنگ سروس ایپل میوزک کی دستیابی مزید چار ممالک تک بڑھادی ہے، جس کے بعد یہ سروس دنیا بھر کے 172 ممالک اور خطوں میں دستیاب ہوگئی ہے۔ 9 ٹو 5 میک کے مطابق ایپل نے اپنی سپورٹ ویب سائٹ پر دستیابی کی فہرست اپ ڈیٹ کرتے ہوئے پاکستان، البانیہ، برونائی اور برکینا فاسو کو ایپل میوزک کے نئے ممالک میں شامل کیا ہے۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ ان چار میں سے تین ممالک (پاکستان، البانیہ اور برکینا فاسو) ان خطوں میں بھی شامل ہیں جہاں ایپل نے حال ہی میں آئی کلاؤڈ پلس کے بعض پلانز میں ایپل ٹی وی اور ایپل آرکیڈ کی سہولت اضافی قیمت کے بغیر فراہم کرنے کا اعلان کیا تھا۔ برونائی اس فہرست میں شامل نہیں جہاں ایپل ٹی وی کی سبسکرپشن سروس تاحال دستیاب نہیں۔ ایپل میوزک کی عالمی توسیع کے ساتھ ہی اینڈرائیڈ صارفین کے لیے ایپ کا نیا بیٹا ورژن بھی جاری کیا گیا ہے۔

خفیہ معلومات لیک، اوپن اے آئی
نے تین ملازمین فارغ کردیے

سان فرانسسکو (مانیٹرنگ ڈیسک) اوپن اے آئی نے اپنے مصنوعی ذہانت کے نظام سے جڑے ہیکنگ کے متعدد متنازع واقعات کے بعد تین ملازمین کو ملازمت سے برطرف کردیا ہے۔ چیٹ جی پی ٹی بنانے والی کمپنی نے بتایا کہ ان ملازمین نے حساس کمپنی کی معلومات تک رسائی اور اسے سنبھالنے سے متعلق پالیسیوں کی خلاف ورزی کی تھی۔ کمپنی نے واضح کیا کہ کسی بھی ملازم کو حفاظتی خدشات کی نشاندہی کرنے کی وجہ سے برطرف نہیں کیا گیا۔ اوپن اے آئی کے مطابق بدعنوانی کا معاملہ صرف کسی بیرونی تجزیاتی کمپنی کے ساتھ معلومات شیئر کرنے تک محدود نہیں تھا۔ تاہم، کمپنی نے اس متعلق مزید تفصیلات نہیں بتائیں۔ سان فرانسسکو میں قائم اے آئی لیب نے برطرف کیے گئے ملازمین کی شناخت کی تصدیق نہیں کی لیکن وال اسٹریٹ جرنل اور بلومبرگ کے مطابق ان میں سے کم از کم دو ملازمین سیفٹی اور الائنمنٹ کے شعبے میں کام کرتے تھے۔ اوپن اے آئی نے خبر رساں ادارے اے ایف پی کو دیے ایک بیان میں کہا کہ کمپنی کی تحقیقات سے تصدیق ہوئی کہ ان افراد نے کمپنی کے طے شدہ طریقہ کار سے ہٹ کر حساس معلومات کو غلط طریقے سے سنبھالا، ہماری پالیسیوں کی خلاف ورزی کی اور اس اعتماد کو نقصان پہنچایا جو ادارے کے کام کے لیے ضروری ہے۔ ان ملازمین کی برطرفی ایسے وقت میں ہوئی ہے جب اے آئی کی سیفٹی اور اس ٹیکنالوجی سے انسانیت کو لاحق ممکنہ وجودی خطرات کے حوالے سے بحث جاری ہے۔ واضح رہے گزشتہ ماہ 27 سالہ محقق جیکب کاکسن نے اے آئی کمپنی اینتھروپک سے استعفیٰ دیتے ہوئے خبردار کیا تھا کہ اوپن اے آئی سمیت بڑی اے آئی لیبارٹریاں زیادہ طاقتور ماڈلز تیار کرنے کی دوڑ میں انسانوں کی زندگیوں کے ساتھ جوا کھیل رہی ہیں۔

امریکی فوج کی سال نو پر بمباری سے آتش بازی کی شرانگیز خواہش

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی اسٹریٹیجک کمانڈ کی سال نو کے موقع پر آتش بازی کے لیے بمباری کرنے کی مضحکہ خیز ٹویٹ پر ہونے والی شدید تنقید نے امریکی فوج کو یوٹرن لینے پر مجبور کردیا۔ سال نو کے

استقبال کے لیے سب سے شاندار اور سحر انگیز استقبال نیویارک کے ٹائم اسکوائر پر کیا جاتا ہے جہاں کاؤنٹ ڈاؤن مکمل ہوتے ہی نو ایئر بال گرائی جاتی ہے جس سے آتش بازی کے محو کردینے والے مناظر جنم لیتے ہیں۔ جارحیت پسند امریکی فوج اس موقع کو بھی 'جنگ زدہ' کرنے سے باز نہ آئی اور اسٹریٹیجک ڈپارٹمنٹ نے ٹویٹ کی کہ 'ٹائم اسکوائر پر روایتی نو ایئر بال کے گرنے کے ساتھ ہی سال نو کے جشن کا طبل بج گیا تاہم اگر ضرورت پڑی تو اس بال سے کئی گنا بڑی چیز گرانے کو تیار ہیں۔ امریکی فوج نے نہ صرف شرانگیز ٹویٹ کی بلکہ ساتھ ہی لیتھل طیارے کی بمباری کرتی تصویر بھی شیئر کی اور ایئر فورس گلوبل اسٹرائیک کو مینشن بھی کیا۔ جس پر صارفین نے شدید تنقید کا نشانہ بنایا۔ صارفین نے اس ٹویٹ کے ساتھ ناگاساکی اور ہیروشیما پر ایٹمی بم گرانے اور اس سے ہونے والی تباہی کے مناظر کی تصاویر شیئر کیں جس پر امریکی اسٹریٹیجک کمانڈ کو اپنی متنازع ٹویٹ حذف کرکے معذرت کرنا پڑی۔

طوفان کے بعد نیوجرسی کی سڑک پر شارک کی 'آمد'، ویڈیو نے سب کو حیران کردیا

نیوجرسی (مانیٹرنگ ڈیسک) امریکی ریاست نیوجرسی کے ساحلی علاقے سرف سٹی میں طوفان کے بعد پانی سے بھری سڑک پر ایک شارک دکھائی دینے کی ویڈیو نے سوشل میڈیا صارفین کو حیران کردیا۔ یہ غیر

معمولی منظر مقامی شہری ڈریو پروکاسینو نے اپنے موبائل فون کے کیمرے میں محفوظ کیا۔ ویڈیو میں سیلابی پانی سے بھری سڑک پر ایک شارک کا پر نمایاں طور پر پانی سے باہر آتا دکھائی دیتا ہے جبکہ وہ گاڑیوں کے گزرنے والی سڑک پر تیر رہی ہوتی ہے۔ ویڈیو بنانے والے شہری کے مطابق شارک ڈرائیو وے سے سمندر کی جانب بڑھ رہی تھی۔ وہ کچھ دیر تک تیرتی رہی، پھر ایک گھر کے گیراج کے قریب غائب ہوگئی اور بعد میں قریبی بارنیگیٹ بے کی سمت چلی گئی۔ منظر بظاہر غیر معمولی ضرور تھا، تاہم ماہرین نے ویڈیو کا جائزہ لینے کے بعد اس کی شناخت 'اسموتھ ڈاگ فش' کے طور پر کی۔ وائلڈ لائف ماہرین کے مطابق طوفان کے دوران تیز لہروں اور پانی کے بہاؤ نے اس شارک کو ساحلی پانیوں سے باہر رہائشی علاقے کی جانب پہنچا دیا تھا۔

بنکاک کی سیلاب زدہ سڑک پر جیٹ سکی چلانا مہنگا پڑ گیا، شہری گرفتار

بنکاک (مانیٹرنگ ڈیسک) تھائی لینڈ کے دارالحکومت بنکاک میں سیلاب سے بھری سڑک پر جیٹ سکی چلانے والے شخص کو پولیس نے گرفتار کرلیا۔ سڑکی مرمت واقعہ بنکاک کی نیوفیچابوری روڈ پر پیش آیا جہاں شدید بارشوں کے بعد سڑکیں زیرِ آب آگئی تھیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ویڈیو میں ایک شخص کو سیلابی پانی میں جیٹ سکی تیز رفتاری سے چلاتے اور خطرناک موڑ کاٹتے دیکھا گیا۔ جیٹ سکی کے باعث اٹھنے والی لہریں

قریبی گھروں تک پہنچیں جس سے بعض رہائشیوں کی املاک کو بھی نقصان پہنچا۔ دلچسپ بات یہ ہے کہ مذکورہ شخص نے خود بھی اپنی تصویر سوشل میڈیا پر 'بی کے کے ڈرفٹ' کے کیپشن کے ساتھ شیئر کی تھی۔ پولیس کے ہاتھوں گرفتار ہونے کے بعد اس نے بتایا کہ اسے ٹریفک قوانین کا علم نہیں تھا جبکہ ایک غیر ملکی دوست نے ویڈیو بنانے کی ترغیب دی تھی۔ اس کا کہنا تھا کہ اس نے سیلاب سے پریشان لوگوں کا حوصلہ بڑھانے کیلئے ایسا کیا، تاہم یہ کوشش اسے پولیس اسٹیشن تک لے گئی۔ واضح رہے کہ شدید بارشوں کے باعث بنکاک کے مختلف علاقے سیلاب سے متاثر ہوئے ہیں اور ہزاروں افراد کو عارضی پناہ گاہوں میں منتقل کیا گیا ہے۔

مصر: 1700 سال قدیم پراسرار مقبرہ دریافت

قاہرہ (مانیٹرنگ ڈیسک) مصر کے مغربی صحرائی علاقے میں ماہرینِ آثارِ قدیمہ نے تقریباً 1700 سال قدیم ایک مقبرہ دریافت کیا ہے، جس سے رومی دورِ حکومت کے دوران خطے میں رائج تدفینی رسومات اور ثقافتی روایات پر نئی روشنی پڑتی ہے۔ آثارِ قدیمہ کے مطابق اہرام نما چونے کے پتھروں سے تعمیر کیا گیا یہ مقبرہ ایک بااثر شخص اور اس کی اہلیہ کی تدفین کے لیے بنایا گیا تھا۔ مقبرے کی منفرد طرزِ تعمیر کے علاوہ یہاں

نایاب تحریری نقوش اور تدفینی متون بھی دریافت ہوئے ہیں۔ کھدائی کے دوران ایک پتھر کی تختی ملی جس پر قدیم یونانی زبان میں تحریر کندہ ہے۔ ماہرین کو مردوں کے لیے مخصوص ایک تدفینی میز، ریتلے پتھر کو دھونے کے لیے بیسن اور مختلف اقسام کے برتن بھی ملے۔ مقبرے سے کانسی کا ایک سکہ بھی برآمد ہوا ہے جس پر رومی شہنشاہ قسطنطین کندہ ہے، جو اس مقام کی تاریخی اہمیت میں مزید اضافہ کرتی ہے۔ مصر کے وزیرِ سیاحت و نوادرات شریف فتحی کے مطابق یہ دریافت ان تہذیبوں اور ثقافتوں کے تسلسل کی ایک جھلک پیش کرتی ہے جن سے مصر مختلف ادوار میں گزرتا رہا ہے۔

خانیوال میں بیٹھے پاکستانی نوجوان کا امریکی ڈاکخانے کے ساتھ 126 ملین ڈالر کا فراڈ

خانیوال (مانیٹرنگ ڈیسک) خانیوال کی تاریخ کا سب سے بڑا فراڈ بے نقاب ہوگیا، خانیوال کے نوجوان نے امریکی ادارے کے ساتھ 126 ملین ڈالر کا فراڈ کردیا۔ امریکی ریاست فلوریڈا کی فیڈرل عدالت میں خانیوال کے 33 سالہ فہیم اکرم پر فرد جرم عائد کردی گئی۔ امریکی محکمہ انصاف کے مطابق فہیم اکرم نے LabelsBank.com نامی ویب سائٹ بنا رکھی تھی جو جعلی امریکی پوسٹل ٹکٹ فروخت کرتی

تھی، ملزم ہر پارسل کا ٹکٹ صرف 2 ڈالر میں فروخت کرتا تھا چاہے پارسل کا وزن اور سائز کچھ بھی ہو۔ ویب سائٹ سے 5,200 سے زائد صارفین نے 51 لاکھ سے زائد جعلی ٹکٹ خریدے، اس فراڈ سے امریکی محکمہ ڈاک کو 12 کروڑ، 60 لاکھ ڈالر جو پاکستانی کرنسی میں 38 ارب روپے بنتے ہیں سے زائد کا نقصان ہوا۔ امریکی عدالت نے 28 ستمبر کو اس کیس کا فیصلہ سناتے ہوئے ملزم کی ویب سائٹ بند کردی اور ملزم پر امریکا کو دھوکہ دینے، جعلی ڈاک ٹکٹ بنانے اور وائر فراڈ کی دفعات کے تحت چار چارجز لگائے گئے ہیں۔ ملزم پاکستان میں ہے اور اس کی غیر موجودگی میں فرد جرم عائد کی گئی ہے۔

دنیا کے مختلف ممالک کا کرنسی ریٹ

Currency	Symbol	Buying	Selling
U.S. Dollar	USD	278.95 PKR	279.15 PKR
Euro	EUR	321.04 PKR	324.40 PKR
British Pound	GBP	376.31 PKR	379.15 PKR
UAE Dirham	AED	76.30 PKR	77.00 PKR
Saudi Riyal	SAR	74.65 PKR	75.30 PKR
Kuwaiti Dinar	KWD	890.02 PKR	900.95 PKR
Canadian Dollar	CAD	197.72 PKR	201.65 PKR
Australian Dollar	AUD	194.48 PKR	205.17 PKR
Omani Riyal	OMR	725.81 PKR	735.65 PKR
Japanese Yen	JPY	1.71 PKR	1.81 PKR
Malaysian Ringgit	MYR	67.00 PKR	68.05 PKR
Qatari Riyal	QAR	75.45 PKR	76.47 PKR
Bahrain Dinar	BHD	741.05 PKR	751.95 PKR
Thai Bhat	THB	8.55 PKR	8.80 PKR
Chinese Yuan	CNY	38.05 PKR	38.80 PKR
Hong Kong Dollar	HKD	35.24 PKR	36.25 PKR
Danish Krone	DKK	42.56 PKR	43.25 PKR
New Zealand Dollar	NZD	161.20 PKR	163.75 PKR
Singapore Dollar	SGD	214.85 PKR	217.85 PKR
Norwegians Krone	NOK	27.99 PKR	28.29 PKR
Swedish Krona	SEK	28.25 PKR	28.90 PKR
Swiss Franc	CHF	343.59 PKR	348.25 PKR
Indian Rupee	INR	2.75 PKR	3.20 PKR

مختلف قیراط کے سونے کے نرخ

Gold Purity	Per Tola	Per 10 Gram
24k	Rs. 424,500	Rs. 363,950
22k	Rs. 389,123	Rs. 333,618
21k	Rs. 371,440	Rs. 318,457
20k	Rs. 353,843	Rs. 303,370
18k	Rs. 318,376	Rs. 272,963
14k	Rs. 247,635	Rs. 212,312

پاکستان کے مختلف شہروں میں چاندی کا ریٹ

Location	10 Grams	1 Tola
Pakistan	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Karachi	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Lahore	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Islamabad	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Rawalpindi	Rs. 5,808	Rs. 6,767
Peshawar	Rs. 5,808	Rs. 6,767

پاکستان میں CNG کے ریٹ

Product	Retail Price
CNG Region-I (Khyber Pukhtunkhwa, Baluchistan, Potohar region; Islamabad, Rawalpindi and Gujar Khan)	Rs. 0 /Kg
CNG Region-II (Sindh and Punjab excluding Potohar region)	Rs. 0 /Kg

پاکستان پیٹرول کے نرخ

Type	Price
Premium (Super)	Rs. 310.71 /Ltr
High Speed Diesel	Rs. 323.3 /Ltr
Light Speed Diesel	Rs. 199.98 /Ltr
Kerosene Oil	Rs. 233.71 /Ltr

PSX INDEX

KSE 100	ERGY 9.81 ^ 0.19 KEL 7.35 ⌄ -0.24 LOTCHEM 29.11 ⌄ -1.32 BOP 33.68 ⌄ -0.51 TPLRF
KSE ALL SHARE	CNERGY 9.81 ^ 0.19 TPLP 12.1 ⌄ -0.67 PRL 44.59 ^ 2.94 WTL 1.23 ⌄ -0.04 KEL 7.35
KSE 30	Data Found. ⌄ No Data Found. ⌄ No Data Found. ⌄ No Data Found. ⌄ No Data Found. ⌄
KMI30	Data Found. ⌄ No Data Found. ⌄ No Data Found. ⌄ No Data Found. ⌄ No Data Found. ⌄
ALL SHARE ISLAMIC	ERGY 9.81 ^ 0.19 PRL 44.59 ^ 2.94 KEL 7.35 ⌄ -0.24 LOTCHEM 29.11 ⌄ -1.32 TPLRF1
BATI	P 33.68 ⌄ -0.51 NBP 204.35 ⌄ -4.44 BAFL 56.74 ⌄ -0.95 UBL 465.98 ⌄ -4.25 HBL 304.

بقیہ 1 تجارت نیوز

سپلائی چین مختلف حالات میں کام کرسکتی ہے۔ طویل مدتی مقصد مینوفیکچررز سے ریٹیلرز تک پوری معاشی زنجیر کو دستاویزی بنانا ہونا چاہیے، تاہم پہلے سے رسمی معیشت کا حصہ بننے والے کاروباروں کو سزا نہیں دینی چاہیے۔ انہوں نے کہا کہ حکومت ٹیرف کو معقول بنانے، ضوابط آسان کرنے، تجارت میں سہولت پیدا کرنے اور سرمایہ کاری کے ماحول کو بہتر بنانے کے لیے اقدامات کررہی ہے۔ اصلاحات میں خطرے کی بنیاد پر معائنہ، معائنہ کیے جانے والے کاروباروں کے لیے حقوق کا بل، قومی کمپلائنس اتھارٹی اور مختلف شعبوں کے لاگت کے نقصانات کو دور کرنے کے اقدامات شامل ہیں۔ ہارون اختر نے صنعتکاروں پر زور دیا کہ وہ ویلیو ایڈیشن کی جانب تیزی سے بڑھیں اور عالمی برانڈز کے لیے محض سپلائر بننے کے بجائے اپنے بین الاقوامی سطح پر تسلیم شدہ برانڈز تیار کریں۔ ان کا کہنا تھا کہ پاکستان گزشتہ 79 برس سے ٹیکسٹائل تیار کررہا ہے، اب اپنے برانڈز بنانے کا وقت آگیا ہے۔ انہوں نے ٹیکسٹائل شعبے کو درپیش توانائی کی بلند قیمتوں، ٹیکسز، لیکویڈیٹی، فنانسنگ، تجارت میں سہولت اور پالیسیوں میں غیر یقینی سمیت مسائل کا اعتراف کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان توانائی کی قیمتوں اور ٹیکسوں کے معاملے میں مسابقتی نہیں ہے۔ دوسری جانب اے پی ٹی پی ایم اے کے سرپرست اعلیٰ زبیر موتی والا نے حکومت سے زیرو ریٹنگ بحال کرنے، توانائی ٹیرف معقول بنانے اور کاروباری لاگت کم کرنے کا مطالبہ کیا۔ انہوں نے خبردار کیا کہ مسلسل دباؤ کے باعث مزید پروسیسنگ یونٹس بند ہوسکتے ہیں اور ٹیکسٹائل برآمدات میں نمایاں کمی آسکتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ سیلز ٹیکس شعبے کا سب سے بڑا مسئلہ ہے اور زیرو ریٹنگ سے ریفنڈز کے التوا اور جعلی انوائسنگ کے مسائل کم ہوسکتے ہیں۔ انہوں نے معائنوں میں تقریباً 29 اداروں کی شمولیت پر بھی تنقید کی اور دعویٰ کیا کہ گزشتہ سال کراچی میں 19 یونٹس بند ہوئے۔

بقیہ 2 تجارت نیوز

مبینہ ہراساں کیے جانے کا سلسلہ بند کیا جائے۔ انہوں نے ملک بھر میں آپریٹنگ اخراجات میں مسلسل اضافے کا حوالہ دیتے ہوئے ڈیزل کی قیمتوں میں فوری اور خاطر خواہ کمی کا بھی مطالبہ کیا۔ ٹرانسپورٹ رہنماؤں نے کہا کہ وفاقی اور صوبائی حکومتیں گزشتہ ہڑتالوں اور مذاکرات کے دوران کیے گئے وعدوں پر عمل درآمد کرنے میں ناکام رہی ہیں جس کے باعث ٹرانسپورٹ کا شعبہ شدید بحران سے دوچار ہے۔ انہوں نے خبردار کیا کہ اگر 10 اکتوبر 2026 سے قبل ان کے مطالبات پر توجہ نہ دی گئی تو ملک بھر میں تجارتی سامان کی نقل و حرکت مکمل طور پر بند کردی جائے گی۔

بقیہ 3 تجارت نیوز

اداروں کے لیے سرکاری خدمات تک رسائی آسان بنانا ہے۔ انہوں نے کہا کہ وزیراعظم کے تجارتی سہولت کاری کے وژن کے مطابق بندرگاہی تجارت سے متعلق تمام خدمات ایک ہی چھت تلے دستیاب ہونی چاہئیں، اجلاس میں بحری جہازوں کی رجسٹریشن کے عمل اور ماہی گیری کے جہازوں کی رجسٹریشن کو آسان بنانے کی تجاویز کے ساتھ ساتھ بلیو اکانومی اور ماہی گیری کی مصنوعات کے برآمد کنندگان کے لیے ٹیکس مراعات سے متعلق اقدامات کا بھی جائزہ لیا گیا۔ وفاقی وزیر کو قومی بحری پالیسی اور قومی ماہی گیری و آبی زراعت پالیسی کی تشکیل پر ہونے والی پیش رفت سے آگاہ کیا گیا۔ شپنگ اور ٹرانس شپمنٹ پالیسی بھی زیرِ بحث آئی جبکہ پورٹ قاسم پر جاری ترقیاتی منصوبوں جن میں سی ٹو اسٹیل منصوبہ اور مجوزہ انٹیگریٹڈ میری ٹائم انڈسٹریل کمپلیکس شامل ہیں پر بھی غور کیا گیا۔ کراچی پورٹ ٹرسٹ کی منوڑہ ورکشاپ کی بحالی اور گوادر پورٹ پر جاری مختلف ترقیاتی منصوبوں پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا، اجلاس میں میری ٹائم ایجوکیشنل انڈومنٹ فنڈ پر بھی غور کیا گیا جس کا مقصد بحری تعلیم اور انسانی وسائل کی ترقی میں معاونت فراہم کرنا ہے۔ وفاقی وزیر نے متعلقہ حکام کو ہدایت کی کہ منصوبوں پر پیشرفت کی رفتار برقرار رکھی جائے اور بروقت عمل درآمد یقینی بنایا جائے جبکہ بحری شعبے میں کاروبار کرنے میں آسانی کو بہتر بنانے والے اقدامات پر خصوصی توجہ دی جائے۔

بقیہ 4 تجارت نیوز

آلات بورڈ کی منظور کردہ یا مجاز قرار دی گئی خصوصیات، معیارات اور تقاضوں کے مطابق ہوں۔ قانون کا اطلاق پیداواری نگرانی کے نظام، ویڈیو نگرانی، ویڈیو اینالیٹکس، ڈیجیٹل آئی یا نگرانی کے کسی دوسرے مقررہ طریقہ کار کے ذریعے کسی بھی رجسٹرڈ شخص یا رجسٹرڈ افراد کے طبقے، مینوفیکچرر یا مینوفیکچررز کے کسی طبقے، سیلز ٹیکس ایکٹ 1990 کے تیسرے شیڈول میں شامل اشیا یا بورڈ کی جانب سے سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن کے ذریعے متعین کردہ دیگر قابل ٹیکس اشیا یا ان کی کسی قسم کی پیداوار، فروخت، کلیئرنس، ذخیرے اور دیگر متعلقہ سرگرمیوں کی الیکٹرانک نگرانی، سراغ رسانی اور شناخت پر ہوگا تاہم بورڈ سرکاری گزٹ میں نوٹیفکیشن یا خصوصی حکم کے ذریعے کسی بھی شخص یا افراد کے طبقے، مینوفیکچرر یا مینوفیکچررز کے طبقے، مخصوص اشیا یا کسی شعبے یا اس کی کسی قسم کے لیے پیداواری نگرانی کے نظام کی تنصیب اور اسے فعال بنانے کی تاریخ مقرر کرسکتا ہے۔ بورڈ مختلف افراد یا طبقات کے لیے الگ الگ تاریخیں بھی مقرر کرنے کا اختیار رکھتا ہے۔

بقیہ 5 تجارت نیوز

سول سرونٹس (غیر ملکی اور دوہری شہریت کے انکشاف اور ممانعت) رولز 2026 کے تحت سرکاری ملازمین کے لیے اپنی اور اپنے زیرکفالت افراد کی شہریت سے متعلق معلومات ظاہر کرنا لازمی ہے۔ رولز کی شق 3(3) کے تحت تمام سول سرونٹس کو یکم جون کو سرکاری گزٹ میں قواعد کی اشاعت کے 90 روز کے اندر اپنی اور اپنے زیرکفالت افراد کی غیر ملکی یا دوہری شہریت ظاہر کرنا تھی، اس مدت کی آخری تاریخ یکم ستمبر تھی۔ اسٹیبلشمنٹ ڈویژن نے 17 جولائی کو بھی متعلقہ محکموں کو یاد دہانی کرائی تھی کہ مقررہ مدت کے اندر اپنے اور زیرکفالت افراد کے شہریت سٹیٹس، غیر ملکی سفری دستاویزات رکھنے اور کسی غیر ملکی شہری سے شادی سے متعلق معلومات مقررہ فارمیٹ میں جمع کرائی جائیں۔ تازہ مراسلے کے مطابق پاکستان ایڈمنسٹریٹو سروس (سابق ڈی ایم جی)، پولیس سروس آف پاکستان، سیکرٹریٹ گروپ اور آفس مینجمنٹ گروپ سے تعلق رکھنے والے متعدد افسران نے تاحال اپنی غیر ملکی شہریت سے متعلق ڈیکلریشن جمع نہیں کرائی۔ مجاز اتھارٹی نے ہدایت کی ہے کہ جو افسران ایک ہفتے کے اندر مطلوبہ ڈیکلریشن جمع نہیں کرائیں گے، ان کے خلاف سول سرونٹس (ایفی شنسی اینڈ ڈسپلن) رولز 2020 کے تحت کارروائی کی جائے گی۔ رولز کی شق 3(4) کے مطابق ڈیکلریشن جمع نہ کرانا یا غلط ڈیکلریشن دینا مس کنڈکٹ تصور ہوگا۔ 2026 کے قواعد کے تحت ہر سول سرونٹ کو تقرری کے وقت اپنے کیڈر ایڈمنسٹریٹر کو یہ بھی بتانا ہوگا کہ آیا وہ خود یا اس کا کوئی زیرکفالت فرد غیر ملکی شہری ہے یا اس کے پاس کسی دوسرے ملک کا سفری دستاویز موجود ہے۔ ایسی معلومات فراہم نہ کرنے یا غلط ڈیکلریشن دینے کی صورت میں تقرری ابتداہی سے کالعدم قرار دی جاسکتی ہے اور ملازمت کسی بھی وقت ختم کی جاسکتی ہے۔ سرکاری ملازمین کو سالانہ بنیادوں پر بھی اپنی اور اپنے زیرکفالت افراد کی غیر ملکی شہریت کی حیثیت ظاہر کرنا ہوگی۔ اگر کوئی ملازم یا اس کا زیرکفالت فرد غیر ملکی شہریت یا سفری دستاویز حاصل کرچکا ہو یا اس کے حصول کی کوشش کررہا ہو تو اس کی بھی اطلاع دینا لازم ہوگا۔ قواعد کے تحت پیشگی منظوری کے بغیر غیر ملکی شہریت یا سفری دستاویز کے لیے درخواست دینا عمومی طور پر ممنوع ہے۔ ایسے ملک کی شہریت یا سفری دستاویز کے لیے منظوری بھی نہیں دی جاسکتی جہاں متعلقہ افسر سفارتی تعیناتی پر خدمات انجام دے رہا ہو یا دے چکا ہو۔ غیر ملکی شہری سے شادی کے معاملے میں سول سرونٹس پر گورنمنٹ سرونٹس (میرج ود فارن نیشنلز) رولز 1962 کا اطلاق برقرار رہے گا۔

بقیہ 6 تجارت نیوز

گئی۔ سرکاری اعداد و شمار کے مطابق جنوبی اضلاع میں اوسطاً ہر ماہ تقریباً 35 کروڑ 78 لاکھ اور روزانہ تقریباً ایک کروڑ 18 لاکھ روپے مالیت کی گیس چوری ہورہی ہے۔ جنوبی اضلاع کے گیس حکام کا دعویٰ ہے کہ خیبر پختونخوا حکومت کے عدم تعاون کے باعث گیس کی چوری جاری ہے، سیاسی قائدین کی سرپرستی کے باعث گیس چوری میں اضافہ ہورہا ہے۔ کرک کے گاو?ں نشپا کے قریب پائپ لائن سے مبینہ طور پر غیر قانونی کنکشن لینے کے دوران دھماکا ہوا، جس کے نتیجے میں بچوں سمیت متعدد افراد شدید زخمی ہوگئے۔

بقیہ 7 تجارت نیوز

اورنگزیب نے معاشی اصلاحات کو ہدفی اور قابل عمل اقدامات میں تبدیل کرنے کی ضرورت پر زور دیتے ہوئے کہا کہ اصلاحات کے ڈیزائن سے مؤثر عملدرآمد کی جانب منتقل ہونا ضروری ہے، عملی اقدامات کے ذریعے معاشی سرگرمی، سرمایہ کاری، روزگار اور کاروباری ماحول میں قابلِ پیمائش بہتری لائی جائے۔ ملاقات میں ورلڈ بینک کے مجوزہ گروتھ اینڈ جابز آپریشن پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا، جبکہ سرمایہ کاری کے ماحول، چھوٹے اور درمیانے درجے کے کاروباروں (ایس ایم ایز) کے لیے فنانس تک رسائی اور ایکسپورٹ فنانس کے فروغ پر بھی گفتگو ہوئی۔ وزیراعظم کے ایکسس ٹو فنانس اقدام کو مزید مضبوط بنانے کے لیے اصلاحات، متحدہ انسالوینسی فریم ورک، فیکٹرنگ قانون سازی اور کمرشل فنانسنگ میں توسیع پر بھی غور کیا گیا۔ ملاقات میں فارماسیوٹیکلز، طبی مصنوعات اور زراعت کے شعبوں میں اصلاحاتی اقدامات کا جائزہ لیا گیا، بیجوں کی رجسٹریشن، منتخب اجناس کی ڈی ریگولیشن اور بین الاقوامی ایکریڈیٹیشنز کے امور بھی زیر بحث آئے، سکلز ڈویلپمنٹ، ووکیشنل کوالیفیکیشنز اور پاکستانی ہنرمندوں کی بین الاقوامی سطح پر پذیرائی کے حوالے سے بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ نیشنل ٹیرف پالیسی اور مستقبل کی ٹیرف اصلاحات کے لیے ورلڈ بینک کی جاری تجزیاتی معاونت کا جائزہ لیتے ہوئے مسابقت، پیداواریت، سرمایہ کاری اور برآمدات بڑھانے پر زور دیا گیا، عالمی ویلیو چینز میں پاکستان کے انضمام کو مزید بہتر بنانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ ٹیکس پالیسی اور درمیانی مدت کی ریونیو سٹریٹیجی کے لیے ورلڈ بینک کی تکنیکی معاونت، جی ایس ٹی ہارمونائزیشن، وفاقی و صوبائی سطح پر رابطہ کاری اور ڈیٹا شیئرنگ بہتر بنانے کے امور بھی ملاقات کا حصہ تھے۔ زرعی آمدنی ٹیکس اور صوبائی پراپرٹی ٹیکس اصلاحات پر پیش رفت کا بھی جائزہ لیا گیا۔ ملاقات میں ملکی کیپیٹل مارکیٹس کی ترقی کے لیے اصلاحاتی روڈ میپ، مارکیٹ کو مزید وسعت اور گہرائی دینے اور فنانسنگ کے ذرائع بڑھانے کے حوالے سے ورلڈ بینک کی معاونت پر بھی تبادلہ خیال کیا گیا۔ پبلک سیکٹر کی کارکردگی اور حکومت کے رائٹ سائزنگ ایجنڈے کے لیے ورلڈ بینک کی معاونت کا جائزہ لیتے ہوئے قرضوں کے انتظام کی صلاحیت اور ملکی بانڈ مارکیٹ کو مضبوط بنانے کی اہمیت پر زور دیا گیا۔ پاکستان کے ساورن کریڈٹ پروفائل اور کریڈٹ ریٹنگ میں مزید بہتری کے راستوں پر بھی بات چیت ہوئی، وزیر خزانہ نے کہا کہ ساورن کریڈٹ ریٹنگ کے مقداری اور معیاری دونوں عوامل کو مضبوط بنانے کے لیے بھرپور کوشش جاری رکھی جائے گی۔ محمد اورنگزیب نے کہا کہ مالیاتی و قرضوں کا پائیدار انتظام، مضبوط بیرونی مالیاتی بفرز اور پائیدار اقتصادی ترقی کریڈٹ پروفائل کی بہتری کے لیے اہم ہیں، ادارہ جاتی مؤثریت اور ساختی اصلاحات کا تسلسل ساورن کریڈٹ پوزیشن مزید بہتر بنانے کے لیے بھی اہم ہے، ملاقات میں گورننس، شفافیت، احتساب، ریگولیٹری معیار اور ادارہ جاتی مؤثریت مضبوط بنانے پر بھی گفتگو ہوئی۔ فریقین نے معاشی اصلاحاتی شراکت داری کے تحت مسلسل تعاون جاری رکھنے کے عزم کا اعادہ کیا اور نجی شعبے کی قیادت میں ترقی، سرمایہ کاری کے فروغ اور معاشی مواقع میں توسیع پر مشترکہ توجہ جاری رکھنے پر اتفاق کیا۔

بقیہ 8 تجارت نیوز

پروجیکٹ فنانسنگ کے تحت فراہم کیے جائیں گے، جبکہ محکمہ بلدیات سندھ اس کا نفاذ کرے گا۔ دستاویز کے مطابق انویسٹمنٹ پروجیکٹ فنانسنگ کے تحت شامل پانچ ڈویژنز میں اس وقت اندازاً 21 لاکھ جائیدادوں میں سے صرف تقریباً ایک 20 فیصد حصہ شہری غیر منقولہ جائیداد ٹیکس کے ریکارڈ میں شامل ہے، منصوبے کے تحت جغرافیائی معلوماتی نظام پر مبنی گھر گھر سروے کیا جائے گا، جس میں رہائشی اور تجارتی املاک کا معائنہ کرکے ان کے استعمال، ملکیت اور دیگر خصوصیات کا ریکارڈ مرتب کیا جائے گا۔ جائیدادوں کی جغرافیائی نشاندہی کرکے انہیں نئے ٹیکس مینجمنٹ انفارمیشن سسٹم میں شامل کیا جائے گا۔ یہ پروگرام کراچی کے علاوہ پانچ ڈویژنز کی 20 مقامی کونسلوں میں نافذ ہوگا، جن میں حیدرآباد کی 9، سکھر کی 3، لاڑکانہ کی 4، میرپورخاص کی 2 اور شہید بینظیر آباد کی 2 کونسلیں شامل ہیں۔ تاہم ادارہ جاتی بہتری کا دائرہ تمام 45 مقامی کونسلوں، بشمول کراچی کی 25 کونسلوں، تک پھیلایا جائے گا۔ منصوبے کے تحت بورڈ آف ریونیو زمین کے ریکارڈ کو ڈیجیٹل اور اپ ڈیٹ کرے گا، جبکہ زمین اور ٹیکس نظام کو مربوط کرنے کے لیے ڈیجیٹل ماسٹر پلان اور بجٹ، اکاؤنٹنگ، تنخواہوں اور اخراجات کے انتظام پر مشتمل مربوط مالیاتی نظام بھی متعارف کرایا جائے گا۔ دستاویز میں کہا گیا ہے کہ سروے سے جائیداد مالکان، کرایہ داروں اور کاروباری افراد سے براہ راست سرکاری رابطہ بڑھے گا، اس لیے ریکارڈ کی درستگی، رازداری اور سروے عملے کی شناخت سے متعلق خدشات کو مدنظر رکھا گیا ہے۔ سروے کا مقصد ریکارڈ تیار کرنا ہوگا اور اسے بذات خود ٹیکس ڈیمانڈ تصور نہیں کیا جائے گا، پروگرام کے تحت شہریوں کو ریکارڈ دیکھنے اور غلطیوں کی اصلاح کے لیے سہولت فراہم کی جائے گی جبکہ خواتین، بزرگوں، معذور افراد، کم آمدنی والے گھرانوں اور غیر رسمی آبادیوں کے لیے خصوصی مشاورتی نشستوں اور خواتین سروے اہلکاروں کا انتظام بھی تجویز کیا گیا ہے۔ منصوبے میں ٹاؤن سٹیزن کمیٹیوں کے قیام کی بھی تجویز ہے، جن میں دو مرد شہری، دو خواتین شہری اور ایک مقامی کونسل رکن شامل ہوگا۔ یہ کمیٹیاں ماہانہ اجلاس کرکے عوام اور پروگرام کے درمیان رابطے کا ذریعہ بنیں گی۔

بقیہ 9 تجارت نیوز

نے یہ فیصلہ پشاور ہائیکورٹ کے ڈی آئی خان بینچ کا 5 جون 2023 کا حکم کالعدم قرار دیتے ہوئے جاری کیا۔ ہائیکورٹ نے اپنے فیصلے میں رجسٹرڈ میڈیکل پریکٹیشنرز کے خلاف میڈیکل سٹورز اور ڈسپنسریاں چلانے کے الزام میں کی جانے والی ضابطہ کار کارروائی روک دی تھی۔ چیف جسٹس امین الدین خان کی سربراہی میں جسٹس علی باقر نجفی پر مشتمل وفاقی آئینی عدالت کے 2 رکنی بینچ نے خیبر پختونخوا کے محکمہ صحت کے سیکرٹری کی جانب سے دائر اپیل پر فیصلہ سنایا۔ مقدمے کے فریقین میں ڈاکٹر محمد رضوان راجپوت سمیت بعض رجسٹرڈ ڈاکٹر شامل تھے، جن کے کلینیکل مراکز میں ڈسپنسریاں اور میڈیکل سٹورز قائم پائے گئے تھے۔ ان پر الزام تھا کہ وہ مطلوبہ ڈرگ سیل لائسنس کے بغیر ادویات ذخیرہ اور فروخت کررہے تھے۔ 21 جنوری 2020 کو متعلقہ حکام نے ان مراکز کا معائنہ کیا اور ادویات قبضے میں لینے کے بعد فارم-6 جاری کیا، جبکہ ڈاکٹروں کو شوکاز نوٹسز بھی جاری کیے گئے۔ متاثرہ ڈاکٹروں نے پشاور ہائیکورٹ سے رجوع کیا، جس نے ان کی درخواست منظور کرتے ہوئے ضابطہ کار کارروائی کے خلاف حکم جاری کردیا تھا۔ وفاقی آئینی عدالت نے اپنے 9 صفحات پر مشتمل فیصلے میں واضح کیا کہ میڈیکل ریگولیٹری ادارے میں ڈاکٹر کی رجسٹریشن اور فارمیسی ایکٹ کے تحت رجسٹریشن کے قانونی مقاصد مختلف ہیں۔ عدالت کے مطابق ڈاکٹر کی حیثیت سے رجسٹریشن اسے ڈرگز ایکٹ کے تحت لائسنس حاصل کرنے کی شرط سے مستثنیٰ نہیں کرتی۔ فیصلے میں کہا گیا کہ فارمیسی ایکٹ 1967 کی دفعہ 31(4)(a) رجسٹرڈ ڈاکٹر کو صرف اپنے مریض کو دوا دینے یا اپنا نسخہ خود پورا کرنے کی اجازت دیتی ہے۔ اس شق کو میڈیکل اسٹور قائم کرنے یا ادویات کی تجارتی بنیادوں پر فروخت کا اختیار قرار نہیں دیا جاسکتا۔ عدالت نے قرار دیا کہ ڈرگز ایکٹ کی دفعہ 23(1)(c) کے تحت کوئی بھی شخص لائسنس کے بغیر دوا فروخت نہیں کرسکتا اور قانون میں رجسٹرڈ ڈاکٹروں کے لیے اس حوالے سے کوئی خصوصی استثنیٰ موجود نہیں۔ ایف سی سی نے ڈرگ انسپکٹر کی کارروائی کو بھی قانونی قرار دیتے ہوئے کہا کہ ڈرگز ایکٹ کی دفعات 17 اور 18 کے تحت انسپکٹرز کو معائنہ، ادویات کے نمونے لینے، تلاشی اور ادویات قبضے میں لینے کا اختیار حاصل ہے۔ عدالت نے آئین کے آرٹیکل 18 کا حوالہ دیتے ہوئے کہا کہ پیشہ یا کاروبار کرنے کا حق قانون کے تحت مقرر کردہ شرائط کے تابع ہے اور عوامی صحت سے متعلق ادویات کے شعبے میں لائسنسنگ نظام آئینی طور پر جائز ہے۔ عدالت نے قرار دیا کہ شوکاز نوٹس کے مرحلے پر ہائیکورٹ کی جانب سے آئینی دائرہ اختیار استعمال کرنا قبل از وقت تھا، لہٰذا ہائیکورٹ کا فیصلہ کالعدم قرار دے کر معاملہ متعلقہ قانونی طریقہ کار کے تحت نمٹانے کی ہدایت کی جاتی ہے۔

بقیہ 10 تجارت نیوز

خالد اسحاق پر مشتمل دو رکنی بینچ نے 15 صفحات پر مشتمل فیصلہ جاری کیا، فیصلہ جسٹس خالد اسحاق نے تحریر کیا۔ عدالت نے قرار دیا کہ نجی میڈیکل کالج اور ہسپتال کو محض اس بنیاد پر پراپرٹی ٹیکس سے استثنیٰ نہیں دیا جاسکتا کہ وہ جائیداد کے مالک نہیں بلکہ لیز ہولڈر ہیں۔ فیصلے کے مطابق پنجاب فنانس ایکٹ 2024 میں ترمیم کے بعد قبضے میں موجود لیز ہولڈر کو بھی پراپرٹی ٹیکس کے لیے مالک تصور کیا جائے گا، پنجاب اربن امووایبل پراپرٹی ٹیکس ایکٹ میں ترمیم کے ذریعے لیز ان پوزیشن کو مالک کی تعریف میں شامل کیا گیا ہے۔ عدالت کے مطابق نجی میڈیکل کالج اور ہسپتال محض لیز ہولڈر ہونے کی بنیاد پر ٹیکس سے استثنیٰ کا دعویٰ نہیں کرسکتے، نجی میڈیکل کالج نے 14 ستمبر 2017 کے لیز معاہدے کے تحت متعلقہ جائیداد حاصل کی تھی، لیز ابتدائی طور پر 33 سال کے لیے تھی جبکہ معاہدے میں مزید 33 سال اور اس کے بعد بھی تجدید کے اختیارات موجود تھے۔ عدالت نے قرار دیا کہ لیز کی یہ شرائط اسے مستقل نوعیت کی لیز بناتی ہیں، جسٹس خالد اسحاق نے فیصلے میں لکھا کہ غیر رجسٹرڈ لیز معاہدے کا فائدہ اٹھا کر ٹیکس کی قانونی ذمہ داری سے نہیں بچا جاسکتا، کوئی شخص اپنے ہی قانونی تقاضے پورے نہ کرنے کا فائدہ حاصل نہیں کرسکتا۔ فیصلے میں کہا گیا کہ پراپرٹی ٹیکس کی بنیادی ذمہ داری جائیداد کے مالک پر عائد ہوتی ہے، تاہم مالک کی جانب سے ٹیکس ادا نہ کرنے کی صورت میں کرایہ یا لیز پر جائیداد استعمال کرنے والے شخص کو بھی ٹیکس اتھارٹی کی جانب سے ادائیگی کا نوٹس دیا جاسکتا ہے۔ عدالت نے مزید قرار دیا کہ نجی میڈیکل کالج اور ہسپتال دیہی علاقے میں تجارتی سرگرمیاں انجام دے رہے ہیں، درخواست گزار دیہی زمین کے استعمال میں تبدیلی کے لیے درکار قانونی اجازت اور فیس کی ادائیگی کا ثبوت بھی عدالت میں پیش نہیں کرسکا، درخواست گزار نے بعد ازاں دیہی علاقے میں پراپرٹی ٹیکس عائد نہ کرنے سے متعلق اپنی استدعا واپس لے لی۔ عدالت نے قرار دیا کہ عبوری ریلیف کی بنیاد پر پراپرٹی ٹیکس کی ادائیگی سے مستقل استثنیٰ حاصل نہیں کیا جاسکتا۔ نجی میڈیکل کالج سابقہ واجب الادا پراپرٹی ٹیکس کی ادائیگی کا بھی ذمہ دار ہے۔ جسٹس خالد اسحاق نے فیصلے میں قرار دیا کہ درخواست گزار نے قانونی ٹیکس اور واجبات کی ادائیگی سے مسلسل گریز کیا اور ٹیکس کی ادائیگی میں تاخیری حربے استعمال کیے، جس پر عدالت نے 10 لاکھ روپے جرمانہ عائد کیا، عدالت کے مطابق یہ جرمانہ پنجاب لینڈ ریونیو ایکٹ 1967 کے تحت بقایاجات اراضی محصول کے طور پر وصول کیا جائے گا۔ عدالت نے واضح کیا کہ آئینی دائرہ اختیار کو قانون کی خلاف ورزی یا ٹیکس کی ادائیگی سے بچنے کے لیے استعمال نہیں کیا جاسکتا، عدالت نے نجی میڈیکل کالج اور ہسپتال کی جانب سے پراپرٹی ٹیکس سے استثنیٰ کی دونوں درخواستیں مسترد کرتے ہوئے متعلقہ ٹیکس واجبات کی ادائیگی کا حکم برقرار رکھا۔

بقیہ 11 تجارت نیوز

گے تب تک ملک کو ری سیٹ نہیں کرسکیں گے۔ انہوں نے کہا کہ حل یہی ہے کسی نہ کسی طریقے سے برآمدات بڑھائیں، اگر ایران ہر چیز اپنے ملک میں بناسکتا ہے تو ہم کیوں نہیں؟ ایکسپورٹ کو بڑھانے کا پلان بنانا ہوگا، ہمیں دوسرے ملکوں سے سیکھنا چاہیے۔ وزیر داخلہ نے مزید کہا کہ لاہور چیمبرز کے تمام مسائل حل کرنے کیلئے تیار ہوں، ہم پچھلے چند ماہ سے بزنس پاسپورٹ پر کام کررہے ہیں، امید ہے ایسا بزنس پاسپورٹ وزیراعظم کے پاس لے کر جاؤں گا جس سے آپ کو کوئی پرابلم نہیں ہوگی۔

بقیہ 12 تجارت نیوز

فرق، وفاقی بجٹ میں بھاری بلاک ایلوکیشنز، زرعی انکم ٹیکس کی وصولیوں اور وفاقی محصولات کے اہداف سے متعلق اجلاس منعقد کیے۔ ذرائع کے مطابق فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے 15 ہزار 263 ارب روپے کے سالانہ ٹیکس ہدف کا حصول مشرق وسطیٰ کی صورتحال اور پاکستانی معیشت پر اس کے ممکنہ اثرات سے مشروط کردیا۔ ذرائع نے بتایا کہ آئی ایم ایف نے وزارت خزانہ سے مالی سال 2025-26 کے دوران وفاقی اور چاروں صوبائی حکومتوں کے حسابات میں سامنے آنے والے 853 ارب روپے کے شماریاتی فرق پر بریفنگ لی۔ اس مجموعی رقم میں سے 448 ارب روپے کا فرق وفاقی حکومت کے حسابات میں پایا گیا تاہم آئی ایم ایف کو بتایا گیا کہ یہ فرق زیادہ تر صوبائی حکومتوں کی جانب سے ٹریژری پیپرز میں سرمایہ کاری، جون کے اختتام سے قبل رقوم کے انخلا اور جولائی یا اس کے بعد حقیقی اخراجات کے اندراج میں عدم مطابقت کے باعث پیدا ہوا۔ پنجاب حکومت کے حسابات میں 266 ارب روپے کا شماریاتی فرق سامنے آیا۔ محکمہ خزانہ پنجاب ذرائع کے مطابق اس کی بنیادی وجہ کمرشل اکاو?نٹس کے معاملات اور سال بھر کے دوران ان اکاو?نٹس میں رقوم کی آمد اور اخراج کے درمیان فرق ہے، صوبائی حکومت کے مطابق وفاق اور صوبے کے حسابات مرتب کرنے کے طریقہ کار میں فرق بھی اس کی ایک وجہ ہے۔ ترقیاتی فنڈز کے اجرا میں جون تک تاخیر کے باعث بڑی رقوم غیر استعمال شدہ رہ جاتی ہیں۔ ان رقوم کو استعمال کرنے کے لیے جون کے اختتام سے قبل چیک جاری کردیے جاتے ہیں، تاہم اکاو?نٹ ون سے حقیقی ادائیگیاں 30 جون کے بعد ہوتی ہیں۔ وزارت خزانہ نے آئی ایم ایف کو یقین دہانی کرائی ہے کہ مشن کے اطمینان کے لیے مزید تفصیلات فراہم کی جائیں گی۔ حکام کے مطابق اس شماریاتی فرق سے حکومت کے ظاہر کردہ بنیادی بجٹ سرپلس، جو مجموعی قومی پیداوار کے 2.9 فیصد کے مساوی ہے، پر کوئی منفی اثر نہیں پڑے گا۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے صوبائی حکومتوں سے زرعی انکم ٹیکس کی شرح 15 فیصد سے بڑھا کر 45 فیصد کرنے کے بعد محصولات کی وصولیوں سے متعلق بھی تفصیلات حاصل کیں۔ زرعی انکم ٹیکس کی 45 فیصد شرح کاروباری آمدن پر عائد ٹیکس کی شرح کے مساوی ہے۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف کو بتایا گیا کہ گزشتہ مالی سال کے دوران زرعی انکم ٹیکس کی وصولیاں انتہائی کم رہیں، جبکہ رواں مالی سال میں بھی پنجاب اور سندھ کی جانب سے اپنے اہداف حاصل نہ کیے جانے کا خدشہ ہے۔ آئی ایم ایف کو فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق گزشتہ مالی سال میں سندھ حکومت نے زرعی انکم ٹیکس کی مد میں 2 ارب روپے کی وصولیوں کا ہدف مقرر کیا تھا، تاہم صرف ایک ارب 10 کروڑ روپے وصول کیے جاسکے، پنجاب حکومت کے بجٹ دستاویزات کے مطابق گزشتہ مالی سال کے دوران زرعی انکم ٹیکس کی وصولیوں کا ہدف 10 ارب 50 کروڑ روپے تھا، لیکن حقیقی وصولیاں صرف 4 ارب روپے رہیں۔ رواں مالی سال کے لیے پنجاب نے زرعی انکم ٹیکس کی وصولیوں کا ہدف 12 ارب 50 کروڑ روپے پر مقرر کیا ہے۔ ایف بی آر نے ٹیکس سال 2025 کے دوران اپنے گوشواروں میں زرعی آمدن ظاہر کرنے والے 44 ہزار 350 افراد کا ڈیٹا سندھ حکومت کو فراہم کردیا ہے تاہم صوبائی حکومت کا مو?قف ہے کہ ایف بی آر اور سندھ ریونیو بورڈ کے درمیان معلومات کے فوری تبادلے کے لیے ریئل ٹائم رابطہ قائم کرنے کی ضرورت ہے۔ سندھ حکومت پہلے ہی زرعی انکم ٹیکس کے انتظامی امور بورڈ آف ریونیو سے سندھ ریونیو بورڈ کو منتقل کرچکی ہے۔

بقیہ 13 تجارت نیوز

جلد شروع ہوجائے گا جب کہ شہری صنعتوں کے لیے 35 ملین گیلن یومیہ پانی کی فراہمی کا منصوبہ بھی بنایا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس منصوبے کی تاریخ کافی طویل ہے اور اسے پبلک پرائیویٹ پارٹنرشپ کے تحت مکمل کیا گیا ہے، وزیر اعلیٰ سندھ کا میئر کراچی کو منصوبے پر مبارکباد دیتے ہوئے کہنا تھا کہ حکومت کے پاس مختلف منصوبوں کے افتتاح کی ایک طویل فہرست موجود ہے، تاہم اگر صرف افتتاح ہی کرتے رہیں گے تو عملی کام نہیں کرسکیں گے۔ مراد علی شاہ نے کہا کہ عوام کو منصوبوں سے فائدہ پہنچنا ہی حکومت کے لیے اصل افتتاح اور انعام ہے، انہوں نے سیاسی صورتحال پر بات کرتے ہوئے کہا کہ لوگ کچھ بھی کہیں، پیپلز پارٹی انتخابات میں پہلے سے زیادہ نشستیں جیتتی ہے۔ اس موقع پر میئر کراچی مرتضیٰ وہاب نے بتایا کہ لیاری کے لیے 10 ملین گیلن پانی کا منصوبہ دیا جارہا ہے، جبکہ مچھر کالونی، کلفٹن اور ڈی ایچ اے کے لیے بھی پانی کے منصوبے شروع کیے جا رہے ہیں۔ انہوں نے مزید کہا کہ صنعتی علاقوں کی سڑکوں پر بھی کام جاری ہے اور پیپلز پارٹی اپنے منشور پر عملدرآمد پر یقین رکھتی ہے۔

بقیہ 14 تجارت نیوز

نے پاکستان میں مارکیٹ بیسڈ ایکسچینج ریٹ رکھنے پر زور دیتے ہوئے مہنگائی پر قابو پانے کے لیے شرح سود سخت رکھنے کی تجویز دی ہے۔ آئی ایم ایف حکام نے پاکستان کو ایندھن پر سبسڈی یا کراس سبسڈی دینے کی مخالفت کی ہے اور فیول پر بینظیر انکم سپورٹ کی طرح مستحق لوگوں کو ٹارگٹڈ سبسڈی دینے کی تجویز دی ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ حکومت اور آئی ایم ایف کے درمیان پیٹرول کی قیمت اور گیس کمپنیوں کے 1.4 ٹریلین روپے کے قابل وصول واجبات پر بھی ڈیڈلاک برقرار ہے تاہم حکومت نے موٹر سائیکل اور چھوٹی گاڑیوں کے لیے فیول ریلیف اسکیم فوری ختم نہ کرنے کا فیصلہ کیا ہے۔ آئی ایم ایف کا کہنا تھا کہ فیول ریلیف اسکیم میں تین ماہ سے زیادہ توسیع ممکن نہیں اور تین ماہ کی فیول سبسڈی کی اصل لاگت 75 ارب روپے سے تجاوز کرسکتی ہے۔ پاکستانی مذاکراتی ٹیم نے آئی ایم ایف کو پیٹرول کی قیمت کا تفصیلی کاسٹ بریک ڈاؤن پیش کرتے ہوئے بتایا ہے کہ درآمدی پیٹرول کی قیمت تقریباً 250 روپے ہے جبکہ صارفین کو 390 روپے فی لیٹر میں فروخت ہورہا ہے، پیٹرول پر تقریباً 110 روپے فی لیٹر ٹیکس اور 27 روپے مختلف مارجنز ہیں۔ ذرائع کے مطابق آئی ایم ایف نے گیس کمپنیوں کے 1.4 ٹریلین روپے قابل وصول واجبات معاف کرنے پر بھی تحفظات کا اظہار کیا ہے جبکہ گیس سیکٹر کے گردشی قرضے کا حجم 3.6 ٹریلین روپے تک پہنچ گیا ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ گیس کمپنیوں کے 850 ارب کے منافع سے قرضہ نمٹانے کی تجویز پر آئی ایم ایف نے تحفظات کا اظہار کیا ہے اور گیس سیکٹر کے گردشی قرضے کے انتظامی منصوبے پر تفصیلی اجلاس آئندہ ہفتے متوقع ہے۔ مزید بتایا گیا کہ آئی ایم ایف کے ساتھ پیٹرولیم شعبے کے دو اہم معاملات پر اتفاق نہ ہوسکا البتہ آئی ایم ایف نے گیس سیکٹر میں اصلاحات اور گیس چوری میں کمی کو سراہا ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ پاکستان اور آئی ایم ایف کے درمیان اقتصادی جائزہ مذاکرات جاری ہیں، جس میں پاکستان کی اقتصادی ٹیم نے آئی ایم ایف مشن کے ساتھ متعدد اجلاس میں ملکی معاشی اعداد و شمار کے تخمینوں کے بارے میں آگاہ کر دیا ہے۔ ذرائع نے بتایا کہ بریفنگ میں آئی ایم ایف کو بتایا گیا کہ پاکستان کا معاشی آؤٹ لک مستحکم ہے، روپیہ مستحکم ہے اور مہنگائی میں کمی اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ ہدف سے کم رہنے کا امکان ہے تاہم حکومت کا معاشی ہدف 4 فیصد نمو برقرار رہے گا۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ معاشی آؤٹ لک پر مشرق وسطیٰ تنازع کا اثر نہیں پڑے گا لیکن آئی ایم ایف اور پاکستان میں ایکسچینج ریٹ، شرح سود پر اختلاف ہے، آئی ایم ایف کا مؤقف ہے کہ مہنگائی پر قابو پانے کے لیے شرح سود سخت رکھی جائے۔ ذرائع کے مطابق اب تک ہونے والی متعدد ملاقاتوں میں آئی ایم ایف کو بتایا گیا ہے کہ رواں مالی سال میں برآمدات 34 ارب ڈالر اور ترسیلات زر 45.5 ارب ڈالر تک پہنچنے کا تخمینہ ہے، رواں مالی سال کی درآمدات 69 سے 70 ارب ڈالر رہنے کا تخمینہ ہے اور کرنٹ اکاؤنٹ خسارہ 2.5 سے 3 ارب ڈالر رہنے کی توقع ہے۔ ذرائع کا کہنا تھا کہ آئی ایم ایف کا مہنگائی پر قابو پانے کے لیے شرح سود سخت رکھنے زور ہے جبکہ پاکستانی حکام کا مؤقف ہے کہ دسمبر کے بعد مہنگائی میں بتدریج کمی متوقع ہے، عالمی سطح پر تیل 80 ڈالر فی بیرل رہا تو مہنگائی 7.5 فیصد تک جاسکتی، تیل 100 ڈالر فی بیرل رہا تو مہنگائی 8.2 فیصد تک جا سکتی ہے اور روپے کا استحکام درآمدی مہنگائی کم رکھنے میں مددگار ہوگا۔ حکام کے مطابق زرمبادلہ کے ذخائر سے بیرونی شعبہ مستحکم رہنے کی توقع ہے، ترسیلات زر میں پہلے دو ماہ کے دوران 14.7 فیصد اضافہ ہوا ہے، خوراک کی مقامی پیداوار سے درآمدی بل محدود رہنے کی توقع ہے، مشرق وسطیٰ تنازع کے باوجود 4 فیصد معاشی نمو کا ہدف برقرار ہے تاہم مہنگا تیل اور سپلائی میں رکاوٹیں معاشی خطرات ہیں۔

بقیہ 15 تجارت نیوز

ہے۔ وزارتِ خزانہ کے جاری کردہ نوٹیفکیشن کے ذریعے سرکاری ملکیتی اداروں کی ملکیت اور انتظام سے متعلق 2023 کی پالیسی کے پیراگراف 31 میں ترامیم کی منظوری دے دی جو سرکاری ملکیتی اداروں (گورننس اور آپریشنز) ایکٹ، 2023 کے تحت کی گئی ہیں۔ ترمیم شدہ پالیسی کے تحت ایس او ایز ایکٹ، 2023 کے مقاصد کے لیے بین الاقوامی مالیاتی رپورٹنگ معیارات سے مراد وہ مالیاتی رپورٹنگ معیارات ہوں گے جنہیں سیکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان وقتاً فوقتاً کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 225 کے تحت نوٹیفائی کرے گا۔ تاہم ترمیم میں اسٹیٹ بینک کے زیر نگرانی اداروں کے لیے ایک مخصوص استثنا بھی فراہم کیا گیا ہے۔ ایسے اداروں کے لیے مرکزی بینک کی جانب سے بینکنگ کمپنیز آرڈیننس، 1962 کے تحت مقرر کردہ قانونی مالیاتی رپورٹنگ فریم ورک جس میں اس کے سرکلرز، ہدایات اور احکامات بھی شامل ہیں ترجیحی حیثیت رکھے گا اور جہاں کہیں بھی یہ فریم ورک آئی ایف آر ایس سے مطابقت نہ رکھتا ہو وہاں ایس بی پی کا فریم ورک ہی نافذ العمل ہوگا۔ حکومت نے آئی ایف آر ایس کے نفاذ کے حوالے سے ایس ای سی پی کی جانب سے منظور شدہ ترامیم اور استثناؤں کے اطلاق کو بھی واضح کیا ہے۔ ترمیم شدہ پالیسی کے مطابق کمپنیز ایکٹ، 2017 کی دفعہ 225 کے تحت ایس ای سی پی کی جانب سے عمومی طور پر کمپنیوں کو دی جانے والی کوئی بھی ترمیم یا استثنا، کمپنیز ایکٹ کے تحت ایس ای سی پی میں رجسٹرڈ سرکاری ملکیتی اداروں پر بھی لاگو ہوگا تاہم اس شق سے اسٹیٹ بینک کے زیرنگرانی اداروں کے حوالے سے اس کے قانونی اختیارات، فرائض یا ہدایات متاثر نہیں ہوں گی۔ ترمیم کے ذریعے وزارتِ خزانہ کو مالیاتی انتظام سے متعلق ایک نئی ذمہ داری بھی سونپی گئی ہے۔ وزارتِ خزانہ کو آڈیٹر جنرل آف پاکستان سے مشاورت کے بعد قانونی حیثیت رکھنے والے سرکاری ملکیتی اداروں کے مالیاتی انتظام کے لیے ایک تفصیلی فریم ورک جاری کرنے کا پابند کیا گیا ہے۔ اسی کے ساتھ تمام سرکاری ملکیتی اداروں کے لیے اسٹیٹ اونڈ انٹر پرائزز (گورننس اینڈ آپریشنز) ایکٹ، 2023 کی دفعات 19 اور 20 کے مطابق اندرونی آڈٹ کے طریقہ؟ کار اور نظام وضع کرنا لازمی ہوگا۔ نوٹیفکیشن میں کہا گیا کہ نئے مالیاتی انتظامات کی تفصیلات ترمیم شدہ پالیسی کے ضمیمہ 6 میں درج ہیں۔ اس اقدام کے نتیجے میں کمپنیز ایکٹ کے تحت رجسٹرڈ سرکاری ملکیتی اداروں کے لیے آئی ایف آر ایس پر مبنی مالیاتی رپورٹنگ کا ایک مشترکہ حوالہ جاتی فریم ورک قائم ہوگیا ہے، جبکہ مرکزی بینک کی جانب سے عائد شعبہ جاتی ضابطہ جاتی تقاضوں کو برقرار رکھا گیا ہے۔

بقیہ 16 تجارت نیوز

کے خلاف بلا اشتعال ہلاکت خیز طاقت کا استعمال کیا، نہتے شہریوں کے خلاف طاقت کا استعمال مکمل طور پر بلا جواز اور انتہائی غیر متناسب تھا جس کے نتیجے میں 2 قیمتی انسانی جانیں ضائع ہوئیں۔ ترجمان دفتر خارجہ نے کہا کہ پاکستان جاں بحق شہریوں کو درانداز قرار دینے کی کسی بھی کوشش کو واضح طور پر مسترد کرتا ہے، یہ واقعہ بنیادی انسانی حقوق کی سنگین خلاف ورزی ہے اور اس واقعے نے بین الاقوامی قانون کے تحت شہریوں کی جان کے تحفظ سے متعلق سنگین خدشات پیدا کیے ہیں۔ دفتر خارجہ نے مطالبہ کیا کہ بھارت واقعے کی فوری، شفاف اور قابل اعتماد تحقیقات کرے، ذمہ دار افراد کے خلاف مناسب محکمانہ اور قانونی کارروائی کی جائے اور بھارتی حکومت پاکستان کو تحقیقات کے نتائج اور کی گئی کارروائی سے باضابطہ طور پر آگاہ کرے۔ ترجمان دفتر خارجہ نے مزید کہا کہ بھارت بنیادی انسانی حقوق اور بین الاقوامی قانون کے احترام کو یقینی بنائے، متعلقہ دوطرفہ انتظامات اور طے شدہ سرحدی طریقہ کار پر سختی سے عمل کرے اور ایسے واقعات کی دوبارہ روک تھام کے لیے مؤثر اقدامات کرے۔

بقیہ 17 تجارت نیوز

حکیم اور ان کی ماہر ٹیم نے انجام دیا اور سرجری کو براہ راست دکھایا گیا، جس سے خیبر پختونخوا کے مختلف اضلاع سے تعلق رکھنے والے آرتھوپیڈک سرجنز نے اس جدید طریقہ علاج کو براہ راست دیکھنے اور سیکھنے کا موقع حاصل کیا۔ ماہرین کا کہنا تھا کہ اس اقدام سے صوبے میں جدید آرتھوپیڈک سرجری، طبی تربیت اور علمی و تحقیقی سرگرمیوں کے نئے امکانات پیدا ہوئے ہیں۔ اس تاریخی کامیابی پر ڈین خیبر میڈیکل کالج خیبر ٹیچنگ اسپتال پروفیسر ڈاکٹر محمود اورنگزیب نے شعبہ آرتھوپیڈکس کو مبارک باد دیتے ہوئے کہا کہ انہیں خیبر ٹیچنگ اسپتال کے شعبہ آرتھوپیڈکس کی جانب سے خیبر پختونخوا میں پہلی روبوٹک اسسٹڈ گھٹنے کی تبدیلی کی کامیاب سرجری پر فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ تاریخی پیش رفت ادارے میں روبوٹک سرجری، جدید طبی تربیت، تحقیق اور مریضوں کی نگہداشت کے ایک نئے باب کا آغاز ہے، یہ خیبر ٹیچنگ اسپتال، خیبر میڈیکل کالج اور خیبر پختونخوا کے عوام کے لیے ایک قابل فخر لمحہ ہے۔ اسپتال کے ڈائریکٹر ڈاکٹر سجاد اللہ داوڑ اور میڈیکل ڈائریکٹر ڈاکٹر اولیس نعیم نے بھی شعبہ آرتھوپیڈک کی پوری ٹیم کو اس منفرد اور تاریخی کامیابی پر مبارک باد پیش کرتے ہوئے کہا کہ خیبر ٹیچنگ اسپتال میں جدید طبی ٹیکنالوجی اور جدید ترین علاج کے طریقہ کار کو متعارف کرانے کا سلسلہ جاری ہے۔ ان کا کہنا تھا کہ روبوٹک گھٹنے کی تبدیلی کی کامیاب سرجری ادارے کے ماہرین کی صلاحیت، ٹیم ورک اور مریضوں کو جدید طبی سہولیات فراہم کرنے کے عزم کا واضح ثبوت ہے۔ انہوں نے اس امید کا اظہار کیا کہ مستقبل میں بھی خیبر ٹیچنگ اسپتال میں جدید ٹیکنالوجی کے ذریعے مزید پیچیدہ اور جدید نوعیت کے علاج اور سرجریز کو فروغ دیا جائے گا۔ اسپتال انتظامیہ نے اس تاریخی کامیابی پر شعبہ آرتھوپیڈکس کے چیئرمین پروفیسر ڈاکٹر محمد سراج، پروفیسر ڈاکٹر اول حکیم، ڈاکٹر قیصر عظیم اور ان کی پوری ٹیم کی کاوشوں کو سراہتے ہوئے کہا کہ یہ کامیابی خیبر ٹیچنگ اسپتال میں مریضوں کو جدید اور معیاری علاج کی فراہمی کے عزم کی عکاس ہے

بقیہ 18 تجارت نیوز

ایل پی جی 1.17 فیصد، واشنگ سوپ 0.33 فیصد، انڈے 0.72 فیصد، اری چاول 0.55 فیصد، آٹا 0.29 فیصد مہنگا ہوا۔ اس دوران چینی 1.05 فیصد، آلو 0.96 فیصد، ٹماٹر 0.51 فیصد، پاوڈر دودھ 0.10 فیصد، گڑ 0.12 فیصد، دال مونگ 0.63 فیصد، پٹرول 0.65 فیصد، ڈیزل 3.43 فیصد، دال مسور 0.42 فیصد سستے ہوئے۔ اعداد و شمار کے مطابق گزشتہ ہفتے حساس قیمتوں کے اعشاریہ کے لحاظ سے سالانہ بنیادوں پر 17732 روپے ماہانہ تک آمدنی والوں کیلیے مہنگائی میں اضافے کی رفتار 0.19 فیصد اضافہ کیساتھ 9 فیصد، 17733 سے 22888 روپے ماہانہ تک آمدنی والوں کیلئے 0.20 فیصد اضافہ کیساتھ 10.76 فیصد، 22889 سے 29517 روپے ماہانہ تک آمدنی والوں کیلئے 0.21 فیصد اضافہ کیساتھ 9.40 فیصد، 29518 سے 44175 روپے ماہانہ تک آمدنی والوں کیلئے 0.22 فیصد اضافہ کیساتھ 9.81 فیصد جبکہ 44176 روپے ماہانہ سے زائد آمدنی والوں کیلئے 0.21 فیصد اضافے کیساتھ 11.99 فیصد رہی۔

بقیہ 19 تجارت نیوز

ماہرین کے مطابق پاکستانی چاول کی اضافی 70 ہزار میٹرک ٹن برآمدات کا حصول وزیراعظم کی ہدایات پر کی جانے والی مؤثر سفارتی اور تجارتی کاوشوں کا ثمر ہے۔ متعلقہ وزارتوں اور حکام نے وزیراعظم کی ہدایات کی روشنی میں ملائیشیا کے ساتھ پاکستانی چاول کی اضافی برآمدات کا معاملہ مؤثر انداز میں آگے بڑھایا، وزیر اعظم نے پاکستانی چاول کی اضافی برآمدات کے حصول پر متعلقہ ٹیم کی کاوشوں کو سراہا ہے۔ شہباز شریف نے کہا کہ نائب وزیراعظم و وزیر خارجہ محمد اسحاق ڈار، وزیر قومی غذائی تحفظ، وزیر تجارت، سیکرٹری تجارت اور سیکرٹری قومی غذائی تحفظ کی کاوشیں قابل تحسین ہیں۔ انہوں نے کہا کہ 70 ہزار میٹرک ٹن اضافی پاکستانی چاول کی برآمد کسانوں کی خوشحالی اور ملکی معیشت کے لیے ایک اہم پیش رفت ہے۔ پاکستانی زرعی اجناس کے لیے عالمی منڈیوں تک رسائی میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے۔ وزیراعظم کا کہنا تھا کہ مسلسل محنت سے برآمدات پر مبنی معاشی ترقی کے ہدف کی طرف سفر جاری رکھا جائے گا۔

بقیہ 20 تجارت نیوز

کار میں آزمانے کا موقع فراہم کیا جائے گا جبکہ اس تجربے کی بنیاد پر ابھرتی ہوئی ٹیکنالوجیز کے مطابق ریگولیٹری نظام کو بہتر بنانے میں مدد ملے گی۔ اسٹیٹ بینک نے ایس بی پی وژن 2028 کے تحت اگست 2025 میں ریگولیٹری سینڈ باکس کا آغاز کیا تھا اور اس کا پہلا مرحلہ جون 2026 میں کامیابی سے مکمل ہوا۔ دوسرے مرحلے میں مالیاتی خدمات میں مصنوعی ذہانت، ادائیگیوں کے نظام میں جدت، ٹیکنالوجی کے ذریعے بیرون ملک سے آنے والی ترسیلات زر اور مستقبل کی جدید مالیاتی خدمات سے متعلق دیگر تجاویز شامل ہوں گی۔ اسٹیٹ بینک کا کہنا ہے کہ اقدام کا مقصد ڈیجیٹل مالیاتی خدمات کے شعبے میں ذمہ دارانہ جدت کے ساتھ صارفین کا تحفظ اور مالیاتی استحکام یقینی بنانا ہے۔ دوسرے مرحلے میں شرکت کے خواہشمند افراد اور ادارے 30 نومبر 2026 تک اپنی درخواستیں ای میل کے ذریعے جمع کراسکتے ہیں، جبکہ درخواست فارم اور طریقہ کار اسٹیٹ بینک کی ریگولیٹری سینڈ باکس گائیڈ لائنز میں دستیاب ہے۔

بقیہ 21 تجارت نیوز

ملک کی برآمدی صنعت کی مسابقتی صلاحیت کو متاثر کر رہے ہیں، نومنتخب مرکزی چیئرمین پاکستان ہوزری مینوفیکچررز اینڈ ایکسپورٹرز ایسوسی ایشن سید ضیا علمدار حسین، سابق چیئرمین محمد بابر خان، مرکزی سینئر وائس چیئرمین عبدالجبار گیانی اور مرکزی وائس چیئرمین میاں فرخ اقبال نے ایک بیان میں کہا کہ پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات مالی سال 2015-16 میں 12.447 ارب ڈالر سے بڑھ کر مالی سال 2025-26 میں 17.933 ارب ڈالر ہوگئیں جو گزشتہ 10 برس کے دوران 44.07 فیصد اضافہ ہے۔ ادارہ شماریات کے مطابق اسی عرصے کے دوران پاکستان کی مجموعی برآمدات 20.787 ارب ڈالر سے بڑھ کر 30.139 ارب ڈالر ہوگئیں جو 44.99 فیصد اضافہ ظاہر کرتی ہیں۔ پی ایچ ایم اے کے عہدیداروں نے کہا کہ ملبوسات اور ٹیکسٹائل کا شعبہ بدستور ملک کی برآمدات، معاشی ترقی اور زرمبادلہ کمانے میں سب سے بڑا حصہ دار ہے۔ ٹیکسٹائل برآمدات کے مجموعی شعبے میں نٹ ویئر اور ہوزری کا حصہ تقریباً 28 فیصد ہے، جبکہ ٹیکسٹائل اور ملبوسات کے شعبے سے تقریباً 15 لاکھ افراد کو روزگار ملتا ہے اور یہ قومی جی ڈی پی میں تقریباً 8.5 فیصد حصہ ڈالتا ہے۔ پی ایچ ایم اے کے رہنماؤں نے کہا کہ اگر حکومت برآمدی صنعتوں کو اولین ترجیح دے اور ان ساختی مسائل کو حل کرے جنہوں نے برآمدات کی شرح نمو کو سست کر رکھا ہے تو برآمدات میں کئی گنا اضافہ کیا جا سکتا ہے۔ انہوں نے کاروبار اور پیداوار کی بلند لاگت، کاروباری سہولت کاری میں مشکلات اور مساوی مسابقتی ماحول کے فقدان کو برآمدات میں اضافے اور عالمی منڈیوں میں مسابقت کے لیے بڑی رکاوٹیں قرار دیا۔ انہوں نے کہا کہ برآمد دوست پالیسیاں مرتب کرنے اور ان پر عمل درآمد کرنے کے ساتھ ساتھ ایسا کاروباری ماحول پیدا کرنا وفاقی حکومت کی ذمہ داری ہے جو برآمد کنندگان کو عالمی منڈی میں مؤثر انداز میں مسابقت کے قابل بنائے۔ انہوں نے کہا کہ برآمدی پالیسی اور اس پر عمل درآمد کی ذمہ داری وفاقی حکومت کی ہے برآمد کنندگان کی نہیں۔

بقیہ 22 تجارت نیوز

یہ پیش رفت جی سیون ممالک کی جانب سے آئی ای اے کے ساتھ رابطے میں رہتے ہوئے عالمی توانائی کی رسد سے متعلق خدشات کم کرنے کے لیے فوری طور پر 10 کروڑ بیرل ڈیزل اور خام تیل جاری کرنے پر اتفاق کے ایک روز بعد سامنے آئی۔ یہ خدشات امریکا اور ایران کی جنگ کے اثرات کے باعث پیدا ہوئے ہیں۔ جی سیون نے یہ واضح نہیں کیا کہ 10 کروڑ بیرل میں مارچ میں آئی ای اے کے وعدے کے تحت باقی رہ جانے والے 7 کروڑ 50 لاکھ بیرل بھی شامل ہیں یا یہ اس کے علاوہ جاری کیے جائیں گے۔ امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی حکومت اتحادی ممالک پر ڈیزل کے ذخائر جاری کرنے کے لیے دباؤ ڈال رہی ہے تاکہ ایندھن کی قیمتوں میں ہونے والے اضافے کو کم کیا جا سکے، جس کے اثرات امریکا سمیت دیگر ممالک میں بھی محسوس کیے جا رہے ہیں۔ ڈیزل کی محدود رسد مشرق وسطیٰ میں جاری جنگ کے نتیجے میں پیدا ہونے والے مسائل میں سے ایک ہے، جہاں ایران امریکی اور اسرائیلی حملوں کے جواب میں آبنائے ہرمز سے بحری جہازوں کی آمد و رفت محدود کر رہا ہے۔ روس کے خلاف جنگ میں یوکرین کی جوابی کارروائیوں کے تحت روسی آئل ریفائنریوں پر کیے گئے حملوں نے بھی عالمی منڈی کو متاثر کیا ہے۔ آئی ای اے نے ایک بیان میں کہا کہ ''11 مارچ کو اعلان کردہ آئی ای اے کی اجتماعی کارروائی کے تحت تقریباً 32 کروڑ 50 لاکھ بیرل اب تک جاری کیے جا چکے ہیں، جو اس اقدام کے تحت ابتدائی طور پر وعدہ کیے گئے 40 کروڑ بیرل کے 80 فیصد سے زیادہ ہیں، مارچ میں 32 ممالک پر مشتمل آئی ای اے کے ارکان نے یہ ذخائر جاری کرنے کا وعدہ کیا تھا، جن میں جی سیون کے تمام ممالک، یعنی برطانیہ، کینیڈا، جرمنی، اٹلی، جاپان اور امریکا شامل ہیں۔ جی سیون ممالک نے جمعے کو اگلے چار ماہ کے دوران 10 کروڑ بیرل تیل اور تیل سے حاصل ہونے والی مصنوعات جاری کرنے پر اتفاق کیا تھا، جس میں ''پہلے 20 روز کے دوران خاطر خواہ مقدار میں ڈیزل کی پیشگی فراہمی'' بھی شامل ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا تھا کہ ان کے درمیان ڈیزل کی برآمد پر کوئی پابندی عائد نہیں کی جائے گی۔ اس اقدام سے واشنگٹن کی جانب سے عائد کی جانے والی ممکنہ پابندی کا خطرہ ٹل گیا، جبکہ ٹرمپ بعد میں کہہ چکے ہیں کہ ایسی پابندی عائد نہیں کی جائے گی۔

بقیہ 23 تجارت نیوز

رکھنے والے تین مقامی پاکستانی شہری بارڈر پلر سے چند قدم آگے بڑھے تو بی ایس ایف فورسز نے انہیں بغیر وارننگ کے فائرنگ کا نشانہ بنایا۔ ذرائع کا کہنا ہے کہ فائرنگ کے وقت تینوں شہری نہتے تھے، جاں بحق ہونے والوں میں عظمت رسول ولد عطا اللہ اور محسن جٹ شامل ہیں، دونوں کا تعلق جٹاں والی حویلی، لدھڑ سے ہے۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق تینوں افراد میں سے کسی نے بھی بارڈر فینس عبور کرنے کی کوشش نہیں کی تھی۔ ذرائع کے مطابق بھارتی میڈیا نے بھی معصوم پاکستانی شہریوں کو درانداز قرار دے دیا، بھارتی فورسز کی جانب سے شہریوں پر فائرنگ کا واقعہ بارڈر معاہدے اور ایس او پیز کی کھلم کھلا خلاف ورزی ہے۔

بقیہ 24 تجارت نیوز

کے مطابق یورو کرنسی استعمال کرنے والے 21 ممالک میں مہنگائی کی شرح ستمبر میں بڑھ کر 3.8 فیصد ہوگئی جو تین سال کے دوران بلند ترین سطح ہے جس کی وجہ ایندھن کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ ہے۔ یورپی یونین کے اعداد و شمار کے ادارے کے مطابق اگست میں یورو زون میں مہنگائی کی شرح 3.2 فیصد تھی جو ایک ماہ کے دوران نمایاں اضافے کو ظاہر کرتی ہے۔ ستمبر کی شرح ماہرین اقتصادیات کی 3.7 فیصد کی پیش گوئی سے بھی زیادہ رہی۔ ایندھن کی قیمتوں میں سالانہ بنیاد پر 18.8 فیصد اضافہ ہوا ہے جبکہ اگست میں یہ اضافہ 14.3 فیصد تھا جس سے خوراک اور مشروبات کی قیمتوں میں اضافے کی شرح بھی 1.1 فیصد سے بڑھ کر 1.4 فیصد ہوگئی۔ دوسری جانب بنیادی مہنگائی، جس میں توانائی اور خوراک جیسی اتار چڑھاؤ والی اشیا شامل نہیں ہوتیں، ستمبر میں 2.5 فیصد رہی، جو اگست کی 2.4 فیصد شرح سے کچھ زیادہ ہے۔ یورو زون میں مہنگائی کی شرح آخری مرتبہ ستمبر 2023 میں 3.8 فیصد سے زیادہ ریکارڈ کی گئی تھی، جب یہ 4.3 فیصد تک پہنچ گئی تھی۔

بقیہ 25 تجارت نیوز

دوران ٹیکس سال 2014 سے 2019 کے اثاثہ جات کے گوشواروں میں ترمیم کرتے ہوئے پہلے ظاہر نہ کی گئی نقد رقم، سونا، پرائز بانڈز، جائیدادیں اور کاروباری سرمایہ شامل کیا۔ ایف بی آر کے مطابق انکم ٹیکس آرڈیننس 2001 کی دفعہ 116(3) کی وضاحت کے تحت اصل ریٹرن جمع کرانے کی مقررہ تاریخ کے 5 سال بعد اثاثہ جات کے گوشوارے میں ترمیم نہیں کی جاسکتی۔ فراڈ میں سامنے آنے والی تمام ترامیم قانونی طور پر مقررہ مدت گزرنے کے بعد کی گئیں۔

بقیہ 26 تجارت نیوز

یو لنک کے ذریعے شرکت کی۔ ایف بی آر کے مطابق ملک بھر میں واپڈا کے تقریباً 43 لاکھ کمرشل بجلی میٹرز موجود ہیں، تاہم صرف تقریباً 6 لاکھ کمرشل میٹر ہولڈرز نے ٹیکس گوشوارے جمع کرائے ہیں۔

بقیہ 27 تجارت نیوز

روز میں انکوائری رپورٹ پیش کرنے کی ہدایت کردی ہے۔ وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے کہا کہ حکومت سندھ اور پاکستان میڈیکل اینڈ ڈینٹل کونسل (پی ایم ڈی سی) ایم ڈی کیٹ منعقد کرنے والی یونیورسٹی کے ساتھ مل کر امتحان کے انعقاد سے متعلق شکایات کا جائزہ لے گی۔

بقیہ 28 تجارت نیوز

جانے پر زور دیا گیا۔ ملاقات میں عالمی بینک کے گروتھ اینڈ جابز آپریشن پر تبادلہ خیال ہوا، ایس ایم ایز کے لیے مالیاتی سہولتوں تک رسائی بہتر بنانے پر گفتگو کی گئی، جبکہ عالمی بینک نے ایکسپورٹ فنانس مصنوعات کی ترقی پر بریفنگ دی۔

بقیہ 29 تجارت نیوز

نے کہا کہ پاکستان نے یورو بانڈز کے اجرا پر بڑی کامیابیاں سمیٹی ہیں، اسٹیٹ بینک کے زرمبادلہ ذخائر 21.4 ارب ڈالر تک پہنچ چکے ہیں جبکہ ترسیلات زر میں نمایاں نمو ہورہی ہے۔

بقیہ 30 تجارت نیوز

بڑھ کر 3.38 ارب ڈالر ہوگئیں۔ ٹیکسٹائل برآمدات میں مسلسل پیش رفت پاکستان کے صنعتی اور برآمدی شعبے کی مضبوطی کی عکاسی کرتی ہے، جبکہ شعبے میں بڑھتی سرگرمیاں برآمدات اور سرمایہ کاری کے نئے مواقع کو بھی فروغ دے رہی ہیں۔

بقیہ 31 تجارت نیوز

سے چلنے والی گولیاں لگنے سے شہریوں کے زخمی ہونے کا سلسلہ جاری ہے۔ ذرائع کے مطابق پولیس افسران کی عدم دلچسپی کے باعث شہر میں نامعلوم سمت سے آنے والی گولیاں لگنے سے شہری نہ تو گھروں میں محفوظ دکھائی دیتے ہیں اور نہ ہی سرراہ، شہری انجانے خوف میں مبتلا ہیں کہ کچھ پتہ نہیں کہ کب اور کہاں سے آنے والی نامعلوم سمت کی گولی ان کی موت کا پروانہ بن جائے۔

بقیہ 32 تجارت نیوز

کابینہ کے 27 اگست 2024 کے فیصلے کی روشنی میں 60 فیصد خالی مستقل آسامیوں کے خاتمے کے حوالے سے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کردی ہیں۔

بقیہ 33 تجارت نیوز

ہفتے میں سبسڈی حاصل کی تھی، وہ اگلی ہفتہ وار سبسڈی حاصل کرنے کے اہل ہوگئے ہیں۔ بریفنگ کے مطابق پروگرام ملک کے 129 اضلاع میں نافذ کیا جارہا ہے اور تمام پیٹرول پمپس اسکیم کے تحت شہریوں کو سہولت فراہم کررہے ہیں۔

بقیہ 34 تجارت نیوز

کے انتقال پر دلی تعزیت کا اظہار کیا۔ وزیراعظم نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ ہم آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں، اللہ تعالیٰ انہیں جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور آپ کے خاندان کو اس صدمے کو برداشت کرنے کی ہمت دے۔

بقیہ 35 تجارت نیوز

کریں گے۔ حافظ نعیم الرحمٰن نے بونیر میں جلسہ عام سے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ وزیراعظم کا ریلیف پیکیج ناکافی ہے، حکومت پٹرولیم مصنوعات پر عائد لیوی ختم کرے، بصورت دیگر جماعت اسلامی طویل دھرنے اور جدوجہد کے لیے تیار ہے۔

بقیہ 36 تجارت نیوز

غیرمؤثر مراکز کو اخراجات کم کرنے یا کاروبار بڑھانے کیلئے عملی منصوبہ بنانے کی ہدایت کی گئی ہے۔ محکمہ قومی بچت کے جاری کردہ نوٹیفکیشن میں کہا گیا ہے یہ مراکز بہتر کارکردگی کیلئے کاروبار اور ڈپازٹس بڑھانے کا منصوبہ بناسکتے ہیں۔

بقیہ 37 تجارت نیوز

اس کے مغربی سرپرستوں نے روس کے خلاف ایک مکمل پیمانے کی ہائبرڈ جنگ شروع کررکھی ہے، ان خوفناک جرائم کی ذمہ داری صرف کیف حکومت پر نہیں، جو ان کا براہ راست مرتکب ہے، بلکہ ان ممالک پر بھی عائد ہوتی۔

بقیہ 38 تجارت نیوز

کے عزم کا اعادہ کیا۔ ٹیپو عثمان نے پاکستان اور برطانیہ کے مشترکہ مفادات کے فروغ کے لیے مسلسل سٹرٹیجک روابط کی اہمیت پر زور دیا۔

بقیہ 39 تجارت نیوز

کے 20 شہروں میں موبائل نیٹ ورک کے صارف تجربے کا جائزہ لیا گیا، جس میں فور جی اور فائیو جی ٹیکنالوجیز کی کارکردگی کا موازنہ کیا گیا۔ رپورٹ کے مطابق پاکستان فائیو جی کی ڈاؤن لوڈ سپیڈ فور جی کے مقابلے میں تقریباً 6.8 گنا زیادہ ریکارڈ ہوئی، جبکہ فائیو جی کی قومی اوسط اپ لوڈ سپیڈ 12.7 ایم بی پی ایس رہی۔

بقیہ 40 تجارت نیوز

لیے فنڈز کی منظوری، تھر کے کوئلے کی توسیع اور جنگلی حیات کے تحفظ کے اقدامات پر غور کیا گیا اور فیصلے کیے گئے۔ کابینہ نے میر رضا علی کی موت کی تحقیقات کرنے والے کمیشن کی مدت میں توسیع کی تجویز پر بھی غور کیا۔

بقیہ 41 تجارت نیوز

واٹر، environment اینڈ ہیلتھ نے خبردار کیا ہے کہ اگر AI کا موجودہ پھیلاؤ اسی رفتار سے جاری رہا تو 2030 تک AI ڈیٹا سنٹرز اتنا پانی استعمال کرسکتے ہیں جو ایک سال میں ایک ارب سے زیادہ افراد کی بنیادی گھریلو ضروریات کے لیے کافی ہو۔ مصنوعی ذہن کے پیچھے دراصل ہزاروں نہیں بلکہ لاکھوں طاقتور سرورز کام کرتے ہیں۔

بقیہ 42 تجارت نیوز

برآمدات میں اضافے کے باوجود تجارتی خسارے میں سالانہ بنیادوں پر اضافہ ہوا۔ ستمبر 2026 میں ملکی برآمدات 17.6 فیصد اضافے سے 2.94 ارب ڈالر رہیں، جبکہ ستمبر 2025 میں یہ 2.5 ارب ڈالر تھیں۔

بقیہ 43 تجارت نیوز

ہے، متعلقہ وزارتوں اور حکام نے وزیراعظم کی ہدایات کی روشنی میں ملائیشیا کے ساتھ پاکستانی چاول کی اضافی برآمدات کا معاملہ مؤثر انداز میں آگے بڑھایا۔

بقیہ 44 تجارت نیوز

سے متعلق مسائل کو حل کرے، تمام کاروباری اداروں کو یکساں مواقع فراہم کرے اور کم از کم 10 سال کے لیے ایک مستحکم پالیسی فریم ورک کے تحت برآمدات کو خصوصی طور پر وفاقی معاملہ قرار دے۔

بقیہ 45 تجارت نیوز

وزیر رانا تنویر حسین نے بتایا کہ قومی گندم پالیسی 2026-2030 وزیراعظم کو بھجوائی جاچکی ہے اور بوائی سیزن سے قبل اس کا اعلان کردیا جائے گا۔ کسانوں کو ماضی میں گندم کی صحیح قیمت نہیں ملی ہم نیشنل ویٹ پالیسی لے کر آرہے ہیں۔

بقیہ 46 تجارت نیوز

الحال اسے عام صارفین کے بجائے محدود سائبر پارٹنرز کے لیے دستیاب کیا گیا ہے۔ کمپنی کا کہنا ہے کہ جیمنائی 4 آرگون کو دفاعی سائبر سکیورٹی کے کاموں کے لیے خصوصی طور پر تربیت دی گئی ہے، یہ ماڈل سافٹ ویئر میں موجود کمزوریوں کی خودکار طور پر نشاندہی کرنے کے ساتھ ساتھ انہیں دور کرنے میں بھی معاونت کرسکتا ہے۔

بقیہ 47 تجارت نیوز

اضافہ دیکھا گیا تھا۔ تاہم جمعرات کو 4 ڈالر سے زائد اضافے کے باوجود برینٹ ہفتہ وار بنیاد پر تقریباً 2 فیصد کمی کی جانب گامزن تھا۔ امریکی خام تیل ڈبلیو ٹی آئی 19 سینٹ یا 0.2 فیصد کم ہوکر 92.68 ڈالر فی بیرل ہوگیا اور ہفتہ وار بنیاد پر تقریباً 0.3 فیصد اضافے کی جانب گامزن تھا۔

بقیہ 48 تجارت نیوز

سرمایہ کاروں، کرپٹو لیڈرز، اسٹارٹ اپس اور ڈیجیٹل اکانومی سے وابستہ نمایاں شخصیات کو ایک ہی پلیٹ فارم پر جمع کرے گا۔ منتظمین کے مطابق بلاک چین لائف 2026 میں 15 ہزار سے زائد شرکا، 200 سے زائد اسپیکرز، 200 اسپانسرز اور 130 سے زیادہ ممالک کی نمائندگی متوقع ہے۔ فورم میں کرپٹو، ویب تھری، مائننگ، ٹریڈنگ، ڈیجیٹل اثاثوں، سرمایہ کاری، بلاک چین سلوشنز اور مصنوعی ذہانت کے مستقبل پر اہم سیشنز، پینل ڈسکشنز اور نیٹ ورکنگ سرگرمیاں ہوں گی۔

بقیہ 49 تجارت نیوز

کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ ملکی صنعتوں کی بندش سے معیشت کو یومیہ تقریباً 120 ارب روپے کا نقصان ہوتا ہے، خلیجی کشیدگی کے باوجود دیگر ممالک کے مقابلے میں پاکستان میں پٹرولیم مصنوعات کی قلت پیدا نہیں ہونے دی گئی، عالمی معاہدوں اور وعدوں کے باعث پٹرولیم لیوی ختم نہیں کی جاسکتی، تاہم حکومت نے عوام کو ریلیف دینے کیلئے پٹرولیم سبسڈی فراہم کرنا شروع کردی ہے۔

بقیہ 50 تجارت نیوز

مشکلات سے آگاہ کیا اور بتایا کہ طویل راستوں کے باعث یورپی اور امریکی منڈیوں تک مال کی ترسیل کے اخراجات اور دورانیے میں اضافہ ہوگیا ہے۔ وفد میں اسٹائل ٹیکسٹائل کے چیف ایگزیکٹو آفیسر شہزاد اصغر علی، گلوبل ایڈیڈاس کے نائب صدر بینیڈ کٹ برز اور ایڈیڈاس میں سورسنگ آپریشنز کے سینئر ڈائریکٹر ثاقب رفیق شامل تھے۔

رائے ونڈ: کراچی سے لاہور جانیوالی شالیمار ایکسپریس کو حادثے کی جگہ پر کرین کی مدد سے انجن کو ہٹایا جا رہا ہے

بھارتی بارڈر سکیورٹی فورسز کی فائرنگ سے 2 پاکستانی شہری جاں بحق ایک زخمی

تینوں میں سے کسی نے بارڈر فینس عبور کرنے کی کوشش نہیں کی تھی، سکیورٹی ذرائع

قصور (مانیٹرنگ ڈیسک) بھارتی بارڈر سکیورٹی فورسز (بی ایس ایف) کی جانب سے پاک بھارت بین الاقوامی سرحد کے قریب تین پاکستانی شہریوں پر مبینہ فائرنگ کا واقعہ پیش آیا ہے، جس کے نتیجے میں 2 شہری جاں بحق جبکہ ایک زخمی ہوگیا۔ سکیورٹی ذرائع کے مطابق لدھڑ گاؤں سے تعلق (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 23)

یوروزون میں مہنگائی 3 سال کی بلند ترین سطح پر پہنچ گئی

ایندھن کی قیمتوں میں مسلسل اضافہ، 21 ممالک میں مہنگائی کی شرح بڑھ کر 3.8 فیصد ہوگئی

لندن (مانیٹرنگ ڈیسک) اسرائیل اور امریکا کی جانب سے جنگ مسلط کرنے کے جواب میں ایران نے مارچ سے آبنائے ہرمز کو بند کر رکھا ہے جو تیل و گیس کی اہم آبی گزرگاہ ہے، اس کی بندش سے ایندھن کی قلت اور قیمتوں میں ہوشربا اضافہ ہوا ہے۔ عالمی خبر رساں ادارے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 24)

ترجمان پاک فوج لیفٹیننٹ جنرل احمد شریف محمد آصف کے ساتھ پریس کانفرنس کر رہے ہیں

ویلتھ اسٹیٹمنٹس میں 9 ارب 41 کروڑ روپے کے فراڈ پکڑے گئے

85 افراد نے پرانے اسٹیٹمنٹس میں بعد میں ترامیم کیں، جن میں نقد، سونا، بانڈز، جائیدادیں، کاروبار ظاہر کیا گیا

قوانین کے تحت اصل ریٹرن جمع کرانے کی مقررہ تاریخ کے 5 سال بعد گوشوارے میں ترمیم نہیں کی جاسکتی ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی بورڈ آف ریونیو نے اثاثہ جات کے گوشواروں میں غیر قانونی ترمیم کے ذریعے 9.41 ارب روپے مالیت کے غیر واضح اثاثے ظاہر کرنے کا فراڈ پکڑ لیا، جس پر اینٹی منی لانڈرنگ ایکٹ 2010 کے تحت فوجداری مقدمہ درج کرلیا گیا۔ جاری اعلامیے کے مطابق فراڈ کا سراغ ڈائریکٹوریٹ جنرل آف انٹیلی جنس اینڈ انویسٹی گیشن (ان لینڈ ریونیو) نے پاکستان ریونیو آٹومیشن لمیٹڈ (پرال) کے تعاون سے ایف بی آر کے ڈیٹا بیس کے تجزیے کے ذریعے لگایا۔ تجزیے کے دوران 85 ٹیکس دہندگان کی نشاندہی ہوئی جنہوں نے مارچ 2025 سے جون 2026 کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 25)

ایف بی آر نے ریٹیل مارکیٹوں اور دکانوں کی میپنگ کا آغاز کردیا

ملک بھر میں 43 لاکھ کمرشل بجلی میٹرز موجود، صرف 6 لاکھ کمرشل میٹر ہولڈرز نے ٹیکس گوشوارے جمع کرائے

فیڈرل بورڈ آف ریونیو کے افسران روزانہ کے شیڈول کے مطابق تاجر نمائندوں کے ہمراہ مارکیٹوں کا دورہ کریں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) فیڈرل بورڈ آف ریونیو نے ریٹیلرز کے لیے آسان ٹیکس اسکیم کو توقع کے مطابق پذیرائی نہ ملنے کے بعد تاجروں کے نمائندوں کے تعاون سے ملک بھر میں مارکیٹوں اور دکانوں کی میپنگ شروع کرنے کا فیصلہ کیا ہے، جس کا مقصد مزید ریٹیلرز کو ٹیکس نیٹ میں لانا ہے۔ یہ فیصلہ وزیر مملکت برائے خزانہ و ریلوے بلال اظہر کیانی کی زیرصدارت آسان ٹیکس اسکیم پر عملدرآمد کا جائزہ لینے کے لیے ہونے والے اجلاس میں کیا گیا۔ اجلاس میں تاجر رہنماؤں اجمل بلوچ، کاشف چوہدری اور حبیب فخرالدین نے شرکت کی، جبکہ ایف بی آر کے اعلیٰ حکام اور ملک بھر کے چیف کمشنرز و کمشنرز نے ویڈ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 26)

وفاقی وزیر صحت کا ایم ڈی کیٹ 2026 سے متعلق شکایات پر نوٹس

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر صحت مصطفیٰ کمال نے سندھ میں ایم ڈی کیٹ 2026 سے متعلق شکایات کا سنجیدگی سے نوٹس لیتے ہوئے وزارت صحت کو 15 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 27)

وزیرِ خزانہ کی عالمی بینک کے وفد سے ملاقات، اصلاحات کا جائزہ

سرمایہ کاری بہتر بنانے اور کاروباری رکاوٹوں میں کمی کے اقدامات پر بھی گفتگو

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے عالمی بینک کے وفد سے ملاقات میں معاشی اصلاحاتی شراکت داری کے تحت پیش رفت کا جائزہ لیا ہے۔ اس موقع پر معاشی ترقی، روزگار اور سرمایہ کاری کے فروغ سمیت اصلاحات کو ڈیزائن سے موثر عملدرآمد کی جانب لے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 28)

پاکستانی ٹیکسٹائل برآمدات 17.93 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں

مسلسل پیش رفت پاکستان کے صنعتی شعبے کی مضبوطی کی عکاسی کرتی ہے

لاہور (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستانی ٹیکسٹائل برآمدات 17.93 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ ملکی ٹیکسٹائل صنعت عالمی منڈیوں میں اپنی پوزیشن مزید مستحکم کر رہی ہے جبکہ یہ شعبہ ملکی معیشت اور برآمدات میں اہم کردار ادا کر رہا ہے۔ مالی سال 2026 کے دوران پاکستان کی ٹیکسٹائل برآمدات 40 ملین ڈالر اضافے کے ساتھ 17.93 ارب ڈالر تک پہنچ گئیں۔ مالی سال 2027 کے ابتدائی 2 ماہ میں بھی ٹیکسٹائل اور ملبوسات کی برآمدات میں اضافے کا رجحان برقرار رہا اور برآمدات 5.55 فیصد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 30)

اکاؤنٹس میں 60 فیصد خالی مستقل آسامیاں ختم کرنے کا فیصلہ

آسامیوں کے خاتمے کے حوالے سے متعلقہ افسران کو ہدایات جاری کردی گئی ہیں

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی حکومت نے اکاؤنٹس نظام میں 60 فیصد خالی مستقل آسامیاں ختم کرنے کا فیصلہ کرلیا اور اس حوالے سے متعلقہ فنانشل ایڈوائزرز اور چیف اکاؤنٹس افسران کو ہدایات بھی جاری کردی گئی ہیں۔ کنٹرولر جنرل آف اکاؤنٹس (سی جی اے) نے وفاقی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 32)

کراچی میں اندھی گولیاں لگنے سے 32 روز میں 28 شہری زخمی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) شہر میں اسلحے کی بھرمار اور غیر قانونی بے دریغ استعمال نے شہریوں کی زندگی کو بدستور داؤ پر لگایا ہوا ہے، شہر میں روز کی بنیاد پر نامعلوم سمت (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 31)

نجی شعبہ معاشی ترقی کی قیادت کرے، وزیر اعظم

بجٹ میں 2300 ارب کے ٹیکس بریک دیے، زرمبادلہ کے ذخائر 21.4 ارب ڈالر تک پہنچ چکے ہیں

فیلڈ مارشل کی کاوشوں کی کوئی مثال نہیں ملتی، تقریب سے بذریعہ زوم خطاب

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف نے کہا ہے کہ بجٹ میں 2300 ارب روپے کے ٹیکس بریک دیے ہیں، نجی شعبہ ملکی معاشی ترقی کی قیادت کرے۔ پاکستان اسٹاک ایکسچینج میں تقریب سے بذریعہ زوم خطاب کرتے ہوئے وزیراعظم نے وزیر خزانہ، ان کی ٹیم، وزرا اور اداروں کے سربراہان کو مبارکباد پیش کی۔ انہوں نے کہا کہ پاکستان کو اپنے پیروں پر کھڑا کرنے کے لیے ٹیم ورک کیا گیا، اب ہمارا ہدف برآمدی نمو پر مبنی معیشت بنانا ہے اور نجی شعبے کو معاشی ترقی کی قیادت کرنا ہوگی۔ شہباز شریف نے کہا کہ وہ حالیہ دورہ امریکا اور برطانیہ سے واپس آئے ہیں۔ نیویارک اور لندن میں سٹی بینک اور جے پی مورگن کے بینکرز نے حکومتی اقدامات کی تعریف کرتے ہوئے کہا کہ حکومتی کاوشوں سے آج پاکستان میں پرکشش حالات دیکھ رہے ہیں۔ وزیراعظم (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 29)

فیول ریلیف اسکیم سے 75 لاکھ شہری مستفید

موٹرسائیکلوں، رکشوں اور 800 سی سی تک انجن والی گاڑیوں کو سبسڈی کی دی جارہی ہے

1 کروڑ 22 لاکھ ٹوکن جاری کیے جاچکے ہیں، جن میں سے 1 کروڑ 3 لاکھ استعمال کیے گئے

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم شہباز شریف کو بتایا گیا کہ 15 ستمبر کو آغاز کے بعد سے وزیراعظم کی فیول ریلیف اسکیم سے 75 لاکھ سے زائد شہری مستفید ہوچکے ہیں جبکہ 84 لاکھ سے زیادہ افراد سبسڈی کے لیے رجسٹریشن کرا چکے ہیں، یہ اعداد و شمار وزیراعظم کی زیرصدارت اسکیم پر پیش رفت کا جائزہ لینے کے لیے منعقدہ اجلاس میں پیش کیے گئے۔ اسکیم کے تحت موٹر سائیکلوں، رکشوں اور 800 سی سی تک انجن رکھنے والی گاڑیوں کے مالکان کو ایندھن پر سبسڈی فراہم کی جارہی ہے، اجلاس میں بریفنگ کے دوران بتایا گیا کہ اسکیم کے آغاز سے اب تک ایندھن سبسڈی کے 1 کروڑ 22 لاکھ ٹوکن جاری کیے جاچکے ہیں، جن میں سے 1 کروڑ 3 لاکھ استعمال کیے گئے ہیں۔ اجلاس کو بتایا گیا کہ اسکیم تیسرے ہفتے میں داخل ہوگئی ہے اور جن شہریوں نے پہلے یا دوسرے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 33)

صومالیہ میں جاں بحق پاکستانیوں کے لواحقین کیلیے امداد کا اعلان

اہل خانہ کے بچوں کو مفت تعلیم اور ہر خاندان کو رہائش کیلیے مکان دیا جائے گا، وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعظم نے صومالیہ میں قزاقوں کے ہاتھوں اغوا کے دوران قتل ہونے والے 3 پاکستانیوں کے لواحقین کو فی کس سوا کروڑ روپے امداد اور بچوں کے تعلیمی اخراجات ادا کرنے اور گھر دینے کا اعلان کردیا۔ ذرائع کے مطابق وزیراعظم شہباز شریف نے صومالیہ میں جاں بحق ہونے والے پاکستانی کاشف عمر کے بیٹے اذہان کاشف سے ٹیلیفون پر رابطہ کیا اور والد (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 34)

لیوی ختم نہ ہوئی تو لاکھوں افراد اسلام آباد کا رخ کریں گے

فی لیٹر 80 روپے اور 5 روپے کلائمیٹ سپورٹ لیوی کس مد میں وصول کیا جارہا ہے، حافظ نعیم

بونیر (مانیٹرنگ ڈیسک) امیر جماعت اسلامی پاکستان حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ حکومت پٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں کے معاملے پر قوم کو دھوکا دے رہی ہے، عوام سے پٹرول پر لیوی کے نام پر اضافی رقم وصول کی جارہی ہے، حکومت نے لیوی ختم نہ کی تو لاکھوں افراد اسلام آباد کا رخ (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 35)

میئر کراچی مرتضیٰ وہاب اور ڈاکٹر طاہر صغیر دل کی بیماریوں سے آگہی کے حوالے سے قومی ادارہ برائے امراض قلب کی عمارت کو سرخ روشنیوں سے منور کر رہے ہیں

خاتون اول بی بی آصفہ بھٹو زرداری سے ملاقات میں فریال تالپور اور اعجاز جاکھرانی کا گروپ فوٹو

قومی بچت کے 111 مراکز غیر مؤثر اور مالی طور پر غیر پائیدار قرار

ناقابلِ عمل مراکز کو مکمل بند کر کے قریبی فعال مرکز میں ضم کرنے کی تجویز

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی بچت کے 111 مراکز کو غیر مؤثر اور مالی طور پر غیر پائیدار قرار دے دیا گیا، ناقابلِ عمل مراکز کو مکمل بند کر کے قریبی فعال مرکز میں ضم کرنے کی تجویز دی گئی ہے۔ اس حوالے سے نوٹیفکیشن جاری کردیا گیا ہے، جس میں کہا گیا ہے کہ قومی بچت مراکز کے لیے فی 10 لاکھ روپے کے ڈپازٹس پر آپریشنل اخراجات کا معیار 2500 روپے مقرر ہے، 111 (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 36)

مکہ معاہدہ امریکا، اسرائیل کی ایران پر جارحیت کا نتیجہ ہے

اس معاہدے کو آگے چل کر اپنے آپ کو مضبوط ثابت کرنا پڑے گا، روسی سفیر

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان میں روسی سفیر البرخوریف نے پاکستان، ترکیہ اور سعودی عرب کے درمیان مشترکہ دفاعی مکہ معاہدے کو مثبت پیشرفت قرار دیتے ہوئے کہا ہے کہ مکہ معاہدہ امریکا اور اسرائیل کی ایران پر جارحیت کا نتیجہ ہے۔ اس معاہدے کو آگے چل کر اپنے آپ کو مضبوط ثابت کرنا پڑے گا۔ یہ مثبت بات ہے کہ خطے کے ممالک اپنے طور پر خود کی سلامتی کی ذمہ داری سنبھالنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ اسلام آباد میں میڈیا بریفنگ کے دوران روسی سفیر نے کہا یوکرین اور (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 37)

حکومتی مدد برآمد کنندگان نے ناکامی کا الزام مسترد کردیا

برآمدی معاملہ مصنوعات کے معیار کا نہیں بلکہ پیداواری لاگت میں اضافے اور مسابقت کی کمزور صلاحیت کا ہے

برآمد کنندگان کو ان مسائل کا ذمہ دار نہیں ٹھہرایا جانا چاہیے جو بڑی حد تک ان کے اختیار سے باہر ہیں، جاوید بلوانی

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) آل پاکستان ایکسپورٹرز ایسوسی ایشنز فورم نے اس تنقید کو مسترد کردیا کہ برسوں سے حکومتی معاونت کے باوجود برآمد کنندگان ناکام رہے ہیں۔ فورم کا کہنا تھا کہ ملک کو درپیش برآمدی مسئلہ مصنوعات کے معیار کا نہیں بلکہ پیداواری لاگت میں اضافے اور مسابقت کی کمزور صلاحیت کا ہے۔ انہوں نے طویل مدت کے لیے مستحکم صنعتی اور تجارتی پالیسیوں کا مطالبہ کیا۔ فورم کے چیف کوآرڈینیٹر محمد جاوید بلوانی نے کہا کہ برآمد کنندگان برآمدات میں اضافے کے لیے حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنے کے لیے تیار ہیں، تاہم انہوں نے زور دیا کہ حکومت کاروباری لاگت اور کاروبار کرنے میں آسانی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 44)

رسد کے متضاد اشاروں کے پیشِ نظر تیل کی قیمتوں میں کمی

برینٹ خام تیل کی قیمت 3 سینٹ یا 0.03 فیصد کمی سے 102.28 ڈالر فی بیرل رہی

واشنگٹن (مانیٹرنگ ڈیسک) عالمی منڈی میں جمعہ کو خام تیل کی قیمتیں مجموعی طور پر مستحکم رہیں، کیونکہ سرمایہ کاروں نے امریکا اور ایران کے درمیان دوبارہ کشیدگی کے امکانات کے ساتھ رواں ہفتے مشرق وسطیٰ سے تیل کی رسد میں بحالی کے آثار کا جائزہ لیا، برینٹ خام تیل کی قیمت 3 سینٹ یا 0.03 فیصد کمی سے 102.28 ڈالر فی بیرل رہی، جبکہ جمعہ کے ابتدائی کاروبار میں اس میں معمولی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 47)

دبئی میں بلاک چین لائف 2026ء، کرپٹو اور اے آئی دنیا کا بڑا اجتماع

15 ہزار شرکا، 200 اسپیکرز، 200 اسپانسرز اور 130 سے زیادہ ممالک کی نمائندگی متوقع ہے

دبئی (مانیٹرنگ ڈیسک) دبئی میں بلاک چین لائف 2026ء کرپٹو اور اے آئی دنیا کا بڑا اجتماع منعقد ہونے جارہا ہے، فیسٹیول ایرینا میں 15 ہزار شرکا اور 200 عالمی اسپیکرز کی آمد متوقع ہے۔ دبئی ایک بار پھر عالمی بلاک چین، کرپٹو، ویب تھری اور مصنوعی ذہانت کے بڑے ٹیکنالوجی اجتماع کی میزبانی کے لیے تیار ہے، جہاں بلاک چین لائف 2026 یکم اور 2 دسمبر کو فیسٹیول ایرینا، دبئی فیسٹیول سٹی میں منعقد ہوگا۔ یہ فورم اپنے 17 ویں بین الاقوامی ایڈیشن کے طور پر دنیا بھر کے ٹیکنالوجی ماہرین، (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 48)

اسلام آباد: وزیر خزانہ محمد اورنگزیب سے برطانوی ہائی کمشنر جین میریٹ ملاقات کر رہی ہیں

گندم کی امدادی قیمت 5 ہزار روپے من مقرر کی جائے، قائمہ کمیٹی

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) قومی اسمبلی کی قائمہ کمیٹی برائے قومی غذائی تحفظ و تحقیق نے گندم کی کم از کم امدادی قیمت 5 ہزار روپے فی من مقرر کرنے اور ملک بھر میں کسانوں کیلئے یکساں سبسڈی پروگرام متعارف کرانے کی سفارش کردی۔ کمیٹی کا اجلاس چیئرمین سید حسین طارق کی زیرصدارت پارلیمنٹ ہاؤس میں ہوا۔ اجلاس وزارت فوڈ سکیورٹی کی جانب گندم پالیسی پر بریفنگ دی گئی، وفاقی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 45)

گوگل نے نیا طاقتور اے آئی ماڈل 'جیمنائی 4 آرگون' متعارف کرادیا

نیویارک (مانیٹرنگ ڈیسک) گوگل کی پیرنٹ کمپنی الفابیٹ نے مصنوعی ذہانت کے شعبے میں نیا ماڈل 'جیمنائی 4 آرگون' متعارف کرا دیا ہے، جسے کمپنی نے اب تک کا طاقتور ترین اے آئی ماڈل قرار دیا ہے۔ گوگل کے مطابق جیمنائی 4 آرگون کوڈنگ، تحقیق، تحریر سمیت دیگر پیچیدہ نوعیت کے کام انجام دینے کی صلاحیت رکھتا ہے، نئے ماڈل کی نمایاں خصوصیت اس کی سائبر سکیورٹی سے متعلق صلاحیتیں ہیں، تاہم فی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 46)

ملائیشیا، پاکستانی چاول کی برآمدات میں مزید 70 ہزار میٹرک ٹن اضافہ

زرعی اجناس کی عالمی منڈیوں تک رسائی میں اضافہ حکومت کی اولین ترجیح ہے، وزیراعظم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملائیشیا کے لیے پاکستانی چاول کی برآمدات میں مزید 70 ہزار میٹرک ٹن کا اضافہ ہوگیا۔ وزیراعظم محمد شہباز شریف کی ہدایت اور متعلقہ وزارتوں اور حکام کی کاوشوں سے اکتوبر تا دسمبر 2026 ملائیشیا کے لیے پاکستانی چاول کی برآمدات میں مزید 70 ہزار میٹرک ٹن کا اضافہ ہوا ہے۔ اقتصادی ماہرین کے مطابق پاکستانی چاول کی اضافی 70 ہزار میٹرک ٹن برآمدات کا حصول وزیراعظم کی ہدایات پر کی جانے والی مؤثر سفارتی اور تجارتی کاوشوں کا ثمر (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 43)

پاکستان، برطانیہ کا سٹریٹجک شراکت داری مزید مضبوط بنانیکا عزم

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) برطانیہ میں پاکستان کے ہائی کمشنر ٹیپو عثمان نے برطانوی وزیرِ مملکت برائے مشرقِ وسطیٰ، شمالی افریقہ، افغانستان و پاکستان، اسٹیفن ڈاؤٹی سے لندن میں ملاقات کی۔ جس میں پاکستان اور برطانیہ کے درمیان حالیہ اعلیٰ سطح روابط کے تسلسل اور دوطرفہ تعلقات میں ہونے والی مثبت پیش رفت کو اجاگر کیا گیا، اس موقع پر پاکستان اور برطانیہ نے دوطرفہ سٹریٹجک شراکت داری مزید مضبوط بنانے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 38)

پاکستان میں 5G کی اوسط ڈاؤن لوڈ اسپیڈ 127.74 ایم بی پی ایس ریکارڈ

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) ملک بھر میں فائیو جی رول آؤٹ سے متعلق پاکستان ٹیلی کمیونیکیشن اتھارٹی (پی ٹی اے) کی رپورٹ سامنے آگئی، جس کے مطابق پاکستان میں فائیو جی کی اوسط ڈاؤن لوڈ سپیڈ 127.74 ایم بی پی ایس ریکارڈ کی گئی ہے۔ پی ٹی اے نے اوپن سگنل کے تعاون سے 2026 کی دوسری سہ ماہی کی موبائل نیٹ ورک بینچ مارکنگ رپورٹ جاری کردی، رپورٹ میں ملک (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 39)

وزیراعلیٰ سید مراد علی شاہ سیکنڈری ایجوکیشن امپروومنٹ پروجیکٹ کے اجلاس کی صدارت کر رہے ہیں

سندھ کابینہ، میر رضا کمیشن کی مدت میں توسیع کا فیصلہ

مسلسل طلب کے باعث سندھ بھر میں گندم کے آٹے کی قیمتیں مسلسل بڑھ رہی ہیں، بریفنگ

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) وزیراعلیٰ سندھ مراد علی شاہ کی زیرصدارت صوبائی کابینہ کا اجلاس ہوا، جس میں میر رضا علی انکوائری کمیشن کی مدت میں توسیع، 20 اکتوبر سے گندم کے اجرا، اہم عدالتی تقرریوں، کراچی میں ماں اور بچے کے ہسپتال کے قیام کے منصوبے، اسٹار واش پروگرام کے (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 40)

عالمی معاہدے، پٹرولیم لیوی ختم نہیں کی جاسکتی، وزیرخزانہ

سیاسی حالات کتنے ہی خراب کیوں نہ ہوں برآمدات کا ٹرک نہیں رکنا چاہیے

کراچی (کامرس رپورٹر) وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا ہے کہ معاشی استحکام سیاسی استحکام سے جڑا ہوا ہے، سیاسی حالات کتنے ہی خراب کیوں نہ ہوں برآمدات کا ٹرک نہیں رکنا چاہیے، سیاسی حالات کو بہتر بنانے کیلئے تمام جماعتوں کو مل بیٹھ کر بات کرنا ہوگی، پریس کانفرنس سے خطاب (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 49)

پاکستان کا تجارتی خسارہ ستمبر میں 3.56 ارب ڈالر ہوگیا

ستمبر 2025 میں 3.35 ارب ڈالر کا تجارتی خسارہ ریکارڈ کیا گیا تھا

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) پاکستان بیورو شماریات (پی بی ایس) کے جمعہ کو جاری اعداد و شمار کے مطابق ستمبر 2026 میں پاکستان کا تجارتی خسارہ گزشتہ سال کے اسی ماہ کے مقابلے میں 6 فیصد سے زائد اضافے کے ساتھ 3.56 ارب ڈالر ہوگیا۔ ستمبر 2025 میں برآمدات اور درآمدات کے درمیان فرق 3.35 ارب ڈالر کا تجارتی خسارہ ریکارڈ کیا گیا تھا۔ ستمبر 2026 میں (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 42)

مصنوعی ذہانت پوری انسانیت کیلئے بڑا خطرہ بن گئی

ڈیٹا سنٹرز 2030 تک ایک ارب سے زیادہ افراد کی ضروریات سے زیادہ پانی استعمال کریں گے

اے آئی کے استعمال میں بجلی کے ساتھ بعض صورت میں پانی بھی استعمال ہوتا ہے

کراچی (مانیٹرنگ ڈیسک) ایک سال میں ایک ارب انسانوں کے استعمال کا پانی ضائع ہوجائے تو کیا ہوگا؟ ظاہری سی بات ہے پانی کی قلت، پینے کے پانی کے مسائل مزید سنگین ہوجائیں گے۔ ایسا ہونے والا ہے اور انسان خود یہ سب اس زمین پر رہنے والوں کے لیے کر رہا ہے۔ مصنوعی ذہانت یعنی AI دنیا کو تیزی سے بدل رہی ہے۔ یہ ٹیکنالوجی پانی کے بحران کو بھی سنگین بنا رہی ہے۔ AI کے لیے درکار ڈیٹا سنٹرز کی تعداد تیزی سے بڑھ رہی ہے اور ان مراکز کو چلانے اور خاص طور پر سرورز کو ٹھنڈا رکھنے کے لیے بڑی مقدار میں پانی اور بجلی درکار ہوتی ہے۔ اقوام متحدہ کے ادارے یونیورسٹی انسٹی ٹیوٹ فار (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 41)

پی این ایس سی شپنگ جہاز خرید یا لیز پر حاصل کرسکتی ہے

وزارتِ بحری امور، پی این ایس سی اور برآمد کنندگان کے نمائندوں کا ورکنگ گروپ تشکیل دے دیا گیا

طویل شپنگ روٹس کے باعث علاقائی حریفوں کے مقابلے میں مشکلات کا سامنا ہے، برآمد کنندگان

اسلام آباد (مانیٹرنگ ڈیسک) وفاقی وزیر بحری امور محمد جنید انور چوہدری نے کہا ہے کہ پاکستان نیشنل شپنگ کارپوریشن (پی این ایس سی) پاکستانی برآمد کنندگان کو سہولت فراہم کرنے اور شپنگ اخراجات کم کرنے کیلئے کنٹینر جہاز لیز پر لینے یا خریدنے پر غور کرسکتی ہے، بشرطیکہ آپریشن کو تجارتی طور پر قابل عمل بنانے کے لیے مطلوبہ مال برداری کا حجم یقینی بنایا جاسکے۔ سرکاری بیان کے مطابق یہ پیش رفت برآمد کنندگان کے تین رکنی وفد اور جنید انور چوہدری کے درمیان ہونے والی ملاقات کے دوران سامنے آئی۔ ملاقات کے دوران وفد نے وفاقی وزیر کو خطے میں شپنگ روٹس میں تبدیلی کے باعث پیدا ہونے والی (باقی صفحہ 03 بقیہ نمبر 50)

حیدرآباد: قدم گاہ مولا علی روڈ پر سیوریج کا پانی جمع ہے جس سے زائرین کو مشکلات کا سامنا ہے

تجارت نیوز

میڈیا گروپ کو ملک بھر سے نمائندگان کی ضرورت ہے
جو کہ تجارت، معیشت اور کاروبار سے متعلق خصوصی رپورٹس
اور خبریں تیار کرنے کا تجربہ و مہارت رکھتے ہوں

اپنی CV میل یا واٹس ایپ کریں

Tijaratnewshd@gmail.com
0313-1176161

امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن تحریک تحفظ آئین کے رہنماؤں کیساتھ میڈیا سے گفتگو کر رہے ہیں

ایڈیٹر محمد صغیر نے سم سم پرنٹرز آئی آئی چندریگر روڈ کراچی سے چھپوا کر آفس نمبر A-48 بلاک J نارتھ ناظم آباد سے شائع کیا